Vol. 1
No. 14



Friday
12th March, 1954

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES
Official Report

PART II—PROCEEDINGS OTHER THAN QUESTIONS AND ANSWERS

CONTENTS

Note :—*At the beginning of the speech denotes confirmation not received.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN
1954

THE HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, the 12*th March*, 1954.

The House met at Forty Minutes Past Two of the Clock.

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

Questions and Answers

(*See Part.* I)

L. A. Bill No. VIII of 1954, the Hyderabad Village Panchayat (Amendment) Bill, 1954

The Minister for Education and Local Government (*Shri Gopal Rao Ekbote*) I beg to introduce L.A. Bill No. VII of 1954, the Hyderabad Village Panchayat (Amendment) Bill, 1954.

Mr. Speaker : The Bill is introduced.

L. A. Bill No. VIII of 1954, the Hyderabad Land Revenue (Amendment Bill,) 1954

The Minister for Excise, Forests and Revenue (*Shri K. V. Ranga Reddy*) : I beg to introduce L.A. Bill No. VIII of 1954. the Hyderabad Land Revenue (Amendment) Bill, 1954.

Mr. Speaker : The Bill is introduced.

General Budget—Demands for Grants.

شری سید حسن (حیدرآباد سٹی)۔ میں ایک چیز عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ یا تو ریسس کے بعد آدھا گھنٹہ اور دیا جائے تاکہ کٹ موشن پر اور تقریریں ھوسکیں۔ یا پھر ان لوگوں کو تقریرکا موقع دیا جائے جنہوں نے جنرل ڈسکشن میں حصہ نہیں لیا ۔

No answer was given.

* شری ایم ۔ نرسنگ راؤ (کلوا کرتی ۔ عام) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ جنرل ڈسکشن کے دوران میں اور کل کٹ موشن کے دوران میں جو مباحث ھوئے ھیں ان کا خلاصہ یوں بیان کیا جاسکتا ھے ۔ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن قائم ھے ۔ جاگیرداروں کو معاوضہ دیا جاتا ھے ۔ منصبیں ختم نہیں ھوئی ھیں ۔ نظم و نسق کرپٹیڈ (Corrupted) ھے ۔ یا اس زمانہ کی طرح جوکہ انگریزوں نے قائم کیا تھایا نظام سرکار نے قائم کیا

قیا - ہریجنوں کا ادھار (उद्धार) نہیں ہوسکا - سوشیل سرویس ڈپارٹمنٹ برائے نام ہے - سررشتہ اطلاعات کے تعلق سے یہ بیان کیا گیا کہ پریس کو سبسیڈی (Subsidy) اس لئے دیجاتی ہے کہ کانگریس گورنمنٹ اور کانگریس پارٹی کے لوگوں کا پروپیگنڈہ کیا جائے - یہ مباحث کا خلاصہ ہے - میں اس مختصر سے وقت میں جو مجھے دیا گیا ہے صرف چند پائنٹس ان ہی مباحث کے تعلق سے عرض کروں گا - خرابیاں ہیں میں اس کو سب سے پہلے مانتا ہوں - بھوک ہے - افلاس ہے - دردرتا (दरिद्रता) ہے - بیماریاں ہیں - ان امپلائمنٹ (Unemployment) ہے - بہت سی خرابیاں ہیں - ساجی خرابیاں ہیں - معاشی خرابیاں ہیں - اس سے انکار نہیں ہوسکتا - ان ہی خرابیوں کا یہ بھی نتیجہ ہے کہ بہت سے دوست یہاں تشریف فرما ہے ہیں جو ہمارے دوستوں کی کم از کم دوتین پارٹیاں پیدا کرنے کی ذمہ دار ہیں ! ورنہ یہ باتیں نہ ہوتیں تو جنت ہی جنت تھی - خرابیوں کو دور کرنا چاہیئے اس میں کسی کو اختلاف رائے نہیں ہوسکتا - لیکن خرابیاں کس طرح دور کی جائیں - ایک شخص بھوکا مر رہا ہے - ایک ڈسٹیٹیوٹ پیزنٹ (Destitute Peasant) بازار میں پڑا ہوا ہے - اس کو کھانے کے لئے نہیں ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس جانب کا کوئی بھی ایسا شخص نہیں ہے - جو اس کو دیکھے اور اس پر دو آنسو نہ بہائے . . . .

శ్రీ పి. వాసుదేవ్ : ఆటూ చెప్పండి.

శ్రీ ఎమ్ నరసింగరావు :ఆటూచెప్తాను, యిటూచెప్తాను.

اور پھر ٹھنڈے دل سے ٹھنڈے دماغ سے یہ نہ سوچے کہ آخر یہ بھوکا کیوں - یہ کیوں مر رہا ہے - یہ ڈسٹیٹیوٹ کیوں ہیں - یہ دیکھنے کے بعد وہ اس کی بیماریوں کو رفع کرنے کی کوشش کریگا - اس کا علاج کریگا اس کام کے کرنے میں وہ ٹھنڈے دل سے اور ٹھنڈے دماغ سے کام لیگا - اور سوچے گا - اس کے لئے پلان تیار کریگا اور خرابیوں کو دور کرنے کی کوشش کریگا - دوسری طرف یہ ہوسکتا کہ کوئی دوسرا آدمی اس کو پڑا ہوا دیکھ کر اموشنس (Emotions) سے کام لیگا اور کہے گا کہ جس بنگلہ کے نیچے یہ آدمی پڑا ہوا ہے اس بنگلہ کا رہنے والا اس کی بھوک کا ذمہ دار ہے - وہ تو پیٹ بھر کھاتا ہے اور یہ شخص بھوک سے مر رہا ہے اس لئے اس بنگلہ والے شخص کو وہاں سے ٹھوکر مار کر نکال دیا جائے تا کہ جو شخص مر رہا ہے اس کی حالت بہتر ہوسکے - یہی فنڈامنٹل ڈفرنس (Fundamental difference) ہم میں اور آپ میں ہے - ہم اس کی حالت پر دو آنسو بہاتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ اس کا علاج کس طرح کیا جائے - دوسری طرف موشن سے کام لیا جاتا ہے - ہمارا وہ طریقہ ہے اور ان کا یہ طریقہ ہے - میں میں عرض کرتا ہوں کہ ساجی نا انصافیاں ہیں - اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا - اس کے خلاف بغاوت کی جاسکتی ہے - ربلین (Rebellion) کیا جاسکتا ہے - مجھے اس سے انکار نہیں - ہندوستان کے سب سے بڑے ریبلین

مہاتما بدھ تھے جنہوں نے راج کو ٹھوکر مار کر سماجی نا انصافیوں کے خلاف ریبلین کیا۔ حضرت عیسی بھی بہت بڑے ریبلین تھے۔ سا کر ٹس بہت بڑے ریبلین تھے۔ حضرت محمد بہت بڑے ریبلین تھے جنہوں نے سماجی نا انصافیوں کے خلاف ریبلین کیا۔ مہاتما گاندھی بھی بہت بڑے ریبلین تھے جنہوں نے ہریجنوں کے ادھار کے لئے کام کیا۔ گاندھی جی نے ہریجنوں کے ادھار کے لئے جو کام کیا اس کا مقابلہ نہیں کیا جاسکتا۔ گاندھی جی نے ہریجنوں کے ادھار کے سلسلہ میں جو برت رکھے کیا اس کی کوئی نظیر پیش کی جاسکتی ہے؟ کانگریس نے بھی ان کی تقلید میں ہریجنوں کی جو خدمت انجام دی کیا اس کی کوئی نظیر پیش کی جاسکتی ہے؟ اس کی کوئی مثال یا اس کا دسواں حصہ بھی پیش کیا جاسکتا ہے؟ اسمبلی اور اس کے باہر کریٹیسیزم (Criticism) کرنا تو بہت آسان ہے....

ایک آنریبل ممبر - آپ کیا کررہے ہیں -

شری ایم - نرسنگ راؤ - میں عرض کرتا ہوں ذرا آپ صبر سے سن لیجئیے - ایک زمانہ تھا یعنی میرے بچپن میں ہمارے اسٹیٹ کے اندر ہریجنوں کے لیڈر شری گوتم کے والد شری بھاگ ریڈی تھے - ایک زمانے میں رام سوامی بھی لیڈر تھے - پھر بی - یس - وینکٹ راؤ بھی لیڈر تھے اور اب اس آنریبل ھاؤز کے کم از کم ۲۵ - ۳۰ لیڈرس ہریجنوں کے موجود ہیں - یہ کیسے پیدا ہوئے - اگر اس زمانے میں مسلسل جدوجہد نہ کی جاتی تو آج کے لیڈر یہ لیڈر شپ کہاں سے آئی - ہریجنوں میں خود لیڈر شپ پیدا ہوئی اور وہ سماجی نا انصافیوں کے خلاف احتجاج کررہے ہیں - یہ کہاں سے آئی - یہ مسلسل ۲۵ - ۳۰ سال کی کوششوں کا نتیجہ ہے - میرا یہ ادعا ہے کہ کانگریس کی مسلسل مساعی اور اس کی خدمات کا نتیجہ ہے کہ آج اسٹیٹ کے اندر اتنے ہریجنوں کے لیڈرس پیدا ہوچکے ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ ہماری حالت بالکل خراب ہے اصلاح کرنا چاہیئے - یہ ایک بہت بڑی اصلاح تھی - دوسری چیز یہ ہے کہ آج ہم مختلف مقامات پر دیکھتے ہیں کہ کتنے ہریجن ھاسپٹلس موجود ہیں - کتنے ہریجن اسکولس چل رہے ہیں - کتنے مدرسوں میں بچے پڑھ رہے ہیں - اس کا آپ اندازہ لگائیے - پیوستہ سال کا مقابلہ گزشتہ سال سے اور گزشتہ سال سے حال کا مقابلہ کیجئیے تب آپ کو اندازہ ہوگا....

شری گنپت راؤ واگھمارے - (دیگلور - محفوظ) - کیا ڈاکٹر امبیڈکر کو بھی مہاتما گاندھی نے ہی پیدا کیا ہے -

شری ایم - نرسنگ راؤ - میں اس کا جواب کسی اور وقت دونگا - آپ مہاراجہ بڑودہ کی ھسٹری (History) دیکھئیے - آپ مداخلت مت کیجئیے - میں نے آپ کی تقریر میں مداخلت نہیں کی ہے - ان تمام چیزوں کو آپ کو سامنے رکھنا چاہئے - اور غور کیجئے کہ ہریجنوں کے تعلق سے کانگریس نے کیا خدمات انجام دی ہیں - میں کہونگا کہ ہریجنوں کے تعلق سے نہ صرف کانگریس نے بلکہ گزشتہ ۲۸ سال سے جس زمانے میں یہاں

یہ گورنمنٹ نہیں تھی - بلکہ پچھلی گورنمنٹ حیدر آباد سرکار تھی جس نے دوسرے امور میں نا انصافیاں کیں لیکن هریجنوں کے تعلق سے سمپتھی (Sympathy) کرتی رھی - مسلمان - کرسچین وغیرہ اپنے اپنے نقطہ نظر سے هریجنوں کو سدھارنے کے نظریہ سے کام کرتے رھے - کیا آپ سمجھتے ھیں کہ کانگریس نے کام نہیں کئے - کیا کانگریس صرف پروپگنڈہ کررھی ھے - میں اس کو نہیں مان سکتا - میں تو سب سے پہلے آپ سے یہ سوال کرتا ھوں کہ آپ اس سلسلہ میں کیا کررھے ھیں - میں تمثیلیں پیش کرسکتا ھوں کہ اس معزز ایوان کے کتنے کانگریسی ممبر هریجن سیوک سنگھ میں کام کررھے ھیں - انہوں نے هریجن سیوک سنگھ یا اور دوسروں کے توسط سے هریجنوں کے لئے کتنا کنسٹرکٹیو (Constructive) کام کیا ؟ - میں تعریف نہیں کررھا ھوں لیکن یہ . . . .

شری کے - وی - رام راؤ (چنا کونڈور) - نلگنڈہ ضلع میں آکر دیکھئے کہ . . . .

شری ایم - نرسنگ راؤ - نلگنڈہ میں بھی میں جانتا ھوں - خیر مجھے ٹائم کم ھے اس لئے جواب نہیں دے سکتا - راج پرمکھ انسٹیٹیوشن سے مجھے بھی کوئی مطلب نہیں ھے - لیکن یہ ست خیال کیجئے کہ میں وکالت کررھا ھوں لیکن یہ کہونگا کہ آج سے چھ سال پہلے یعنی ۱۵ - اگسٹ سنہ ۴۷ع کے حالات کا خیال کیجئے یہ میں آپ پر ھی چھوڑ دیتا ھوں - جب کہ ھمارے اس طرف کے بہت سے دوست جنگلوں میں بن باس گزار رھے تھے - جب هندوستان آزاد ھوا - اور ملک کی تقسیم ھوئی - جب قافلے کے قافلے پاکستان سے آرھے تھے اور قافلے کے قافلے هندوستان سے جارھے تھے - بھارت سرکار پریشانی میں تھی - اوس وقت آپ کا اٹیٹیوڈ (Attitude) کیا رھا ھے ، کیا آپ کا اٹیٹیوڈ ھلپ فل (Helpful) رھا ؟ اوس زمانے میں جب کہ یہاں لائق علی حکوست تھی یعنی ۱۵ - اگسٹ ۴۷ع کے وقت - آپ کا نعرہ یہ رھا کہ " نہرو کی سپورٹ کرو - پٹیل کی مخالفت کرو " آپ کا اٹیٹیوڈ کس طرح ھلپ فل رھا اس پر غور کیا جائے - اوس زمانے میں جب کہ بھارت سرکار کے سامنے کئی مسائل تھے اوس وقت اگر بھارت کا وہ آئرن مین (Iron man) وہ فولادی انسان اگر نہ ھوتا تو هندوستان کی کیا حالت ھوتی - ایک طرف سے ایک راجہ اٹھ کھڑا ھوتا اور اپنی آزادی کا دعوی کرتا - دوسری طرف سے کوئی نواب اٹھتا اپنی آزادی کا دعوی کرتا - ایک طرف سے نظام اٹھتے اور اپنی آزادی کے دعویدار بنتے - اور پھر خود آپ بھی اٹھتے اور اپنی آزادی* کے دعویدار بنجاتے - اوس زمانے میں اوس فولادی انسان کے سامنے کیا سوال تھا ؟ هندوستان کو ایک بنانے کا سوال تھا - هندوستان کے نقشہ میں پیلے اور لال رنگ کا جو فرق تھا اوس کو مٹانے کا سوال تھا - وہ سوال کسطرح حل کیا جاسکتا تھا اوس پر اوس فولادی انسان نے غور کیا - هندوستان کو ایک بنانے کے لئے آج هندوستان اوس فولادی انسان کا ممنون ھے - اور جس کے متعلق یہ سمجھا جاتا ھے کہ وہ هندوستان کے بسمارک (Bismark) تھے - اوس بسمارک نے هندوستان کے نقشے کو ایک کردیا - اوس نے لال اور پیلے رنگ کو مٹادیا - اوسوقت [illegible] راجاؤں سے مصالحت کیگئی کہ اگر آپ ھمارے وفادار رھتے ھیں تو ھم آپ کو [illegible]

اوس وقت اون سے انہوں نے معاہدہ کیا ۔ آج آپ کہتے ہیں کہ چونکہ حالات بہتر ہوگئے ہیں اسلئے وہ معاہدات منسوخ کردئے جائیں ۔ حیدرآباد سرکار کو اس طرح کرنے کا حق نہیں ہے ۔ (Interruption) بلکہ ہندوستان کے اون لڑکوں کو کرنا چاہئے جنہوں نے معاہدہ کئے ۔ وہ فولادی انسان تو نہیں رہا لیکن اون کے ساتھی پنڈت نہرو کو جن کے ہاتھ میں ہندوستان کی باگ ڈور ہے تصفیہ کرنا ہے ۔ ہم نہیں کرسکتے ۔ بلکہ وہ لوگ ہی تصفیہ کرنے والے ہیں ۔ اوس زمانے میں انہوں نے اوس وقت کے حالات کو موزوں سمجھکر معاہدات کئے ۔ اب آپ کہتے ہیں کہ اون کو منسوخ کردو ۔ ایسا نہیں ہوسکتا ۔ اون کو اپنی بات کا پاس ہے ۔ اون کو انٹرنیشنل میدان میں ہندوستان کا نام بلند رکھنا ہے ۔ دنیا میں اون کو بتانا ہے کہ اون کو اپنے معاہدات اور اپنی باتوں کی پابندی کرنا ہے ۔ اس لئے وہی لوگ تصفیہ کرنے والے ہیں ہم اور آپ تصفیہ کرنے والے نہیں ۔ جب وہ خیال کریں گے کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن غیرضروری ہے تو وہ اس کو برخواست کریں گے ۔ آپ کہتے ہیں کہ راج پرمکھ کا انسٹی ٹیوشن کیوں برخواست نہیں کرتے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ آپ کے یا ہمارے اختیار میں نہیں ہے بلکہ ہمارے لیڈروں کے ان سے کئے ہوئے وعدوں کا لحاظ ہے ۔

اڈمنسٹریشن ۔ میں مانتا ہوں کہ برٹش گورنمنٹ سے ہندوستان کو بہت سے نقصانات پہنچے ہیں ۔ ہمیں جو نظم و نسق ملا ہے وہ برٹش گورنمنٹ اور نظام سرکار سے ملا ہے ۔ اور میں کہہ سکتا ہوں کہ ہمیں ایک اچھا نظم و نسق اور اچھا اڈمنسٹریشن ملا ہے ۔ جہاں ہمیں برٹش گورنمنٹ سے کئی نقصانات ہوئے وہاں چند فائدے بھی ہوئے ہیں ان سے انکار نہیں کیا جاسکتا ۔ ان فوائد میں سے کمیونیکیشن (Communication) ریلوے سسٹم ۔ ٹلیگراف سسٹم ۔ پوسٹل سسٹم ہے ۔ اس لئے ہمیں ان کے ممنون کرم ہونا چاہئیے ۔ دیکھئیے کہ آج ساؤتھ ایسٹ ایشیا کی کیا حالت ہے ۔ آپ جائیے اور دیکھئیے کہ ایران ۔ انڈونیشیا ۔ عراق اور مصر کے نظم و نسق کی کیا حالت ہے ۔ انگریزوں کا احسان ہے کہ انہوں نے ہمیں ایک اسٹیبلشڈ اڈمنسٹریشن (Established Administration) حوالہ کیا ۔ (Cheers). ہاں آپ تالیاں بجائے لیکن یہ ایک حقیقت ہے ۔ اگر آپ برسر اقتدار آئیں تو شائد دار پر چڑھا دیں اور اپنی پارٹی کے لوگوں کو اقتدار پر لے آئیں لیکن ہمیں ایسا کرنا نہیں ہے ۔ ہمیں ایک سسٹم کے تحت چلنا ہے ۔ ہم برٹش گورنمنٹ کے شکر گزار ہیں تو اس لحاظ سے شکر گزار ہیں اور ہمیں شکر گزار ہونا ہی چاہئیے کیونکہ انہوں نے ایک اسٹیبلشڈ اڈمنسٹریشن ہمارے حوالے کیا ہے ۔ آپ اڈمنسٹریشن پر سوئپنگ ریمارک (Sweeping Remark) اس لئے کرتے ہیں کہ آپ یہ چاہتے ہیں کہ یہاں ڈیمارالائیزیشن (Demoralisation) ہوکر کشمکش پیدا ہوجائے ۔ آپ کی نیت سوا اس کے اور کچھ نہیں ہے ۔ ہمارے نظم و نسق میں میجارٹی آنیسٹ (Honest) اور وفادار لوگوں کی ہے ۔ آپ یہ نہ سمجھیں کہ

حب الوطنی کا جذبہ صرف آپ ہی لوگوں میں ہے ۔ حب الوطنی صرف آپ ہی کی میراث (Monopoly) بنکر رہگئی ہے ۔ اور سارے اڈمنسٹریشن میں غدار جمع ہیں ایسا نہ سمجھئے ۔ انسان کا ایک وقت آتا ہے اور وہ بتاسکتا ہے نہ وہ آپ سے کسی طرح کم نہیں ہے ۔ آپ ہمیں کرپشن کے بارے میں تو بہت کچھ کہتے ہیں لیکن گولیاں جو سنید پانی دودھ کے نام پر بیچتے ہیں اور اصلی گھی میں ڈالدا شامل کرکے جو دھوکہ دیا جاتا ہے اس کو آپ کیا کریں گے ۔ عہدہ دار رشوت لیتے ہیں ۔ میں اس کو مانتا ہوں ۔ لیکن ان بے ایمانوں کو آپ کیا کریں گے ۔ ان بے ایمانیوں کے انسداد کے لئے آپ نے کیا کیا ۔

شری پنڈم واسدیو (گجویل) ۔ آپ رشوت کا انسداد تو پہلے کیجئے اس کے بعد ہم . . .

شری جے ۔ بی ۔ متیال راؤ (سکندرآباد ۔ محفوظ) ۔ اررلیونٹ باتیں مت کیجئے ۔

شری ایم ۔ نرسنگ راؤ ۔ مہربانی کرکے انٹرپٹ (Interrupt) نہ کیجئے میں نے آپ کی تقریر کے وقت انٹرپٹ نہیں کیا ہے ۔ اس کے بعد کہا جاتا ہے کہ پریس کو کیوں امداد دیجاتی ہے وہ ہماری تصاویر اور تقریریں شائع نہیں کرتے ہیں ۔ ہاں پریس کو حکومت امدد دیتی ہے اور یہ آج بھی دیجاتی ہے ۔ حیدرآباد میں کوئی اچھا پریس ہوتا تو پریس کو ایجنسی کی امداد کی ضرورت نہ ہوتی . . . .

श्री. गोपिडी गंगारेड्डीः—(निर्मल जनरल):—पाॅइंट आफ आर्डर सर, पंधरा मिनट के बजाय बीस मिनट आप ले रहे हैं यह क्या बात है ?

[Laughter]

شری ایم ۔ نرسنگ راؤ ۔ ہاں میں ابھی ختم کرتا ہوں ۔ پریس کو امداد دیجاتی ہے تاکہ حیدرآباد میں اخبارات چھپیں ۔ اخبارات پر یہ احسان ہے جو گورنمنٹ کررہی ہے ۔ میرا بھی اس پیشہ سے تعلق تھا اور میں جانتا ہوں کہ اخبار والوں کے کیا خیالات ہیں ۔ آپ کو شکایت ہے کہ اخبارات میں کانگریسیوں کے فوٹوز آتے ہیں ان کی تقریریں چھپتی ہیں وغیرہ وغیرہ ۔ لیکن مجھے یہ شکایت ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن اور لیڈر آف دی ہاؤز کی تقریروں کے سوا اور کسی کی تقریریں نہیں چھپتی ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کاغذ کی قلت ہے ۔ اتنی گنجائش نہیں ہے کہ گران قیمت کاغذ لیکر اخبار جاری رکھا جائے ۔ اب رہا یہ کہ آپ کی تصاویر شائع نہیں ہوتیں ۔ اس کا میں کوئی جواب دینا نہیں چاہتا ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ انفرمیشن سے جو تصاویر چھپتے ہیں اس پر اعتراض کیا گیا تھا ۔

شری ایم ۔ نرسنگ راؤ ۔ ہاں ۔ خیر میں جاگیرداروں کے بارے میں جو [illegible] کئے گئے ہیں ان کا اس وقت جواب نہیں دوں گا کیونکہ وقت نہیں ہے [illegible]

کٹ موشن پر میں کہوں گا تو اس بارے میں روشنی ڈالوں گا - اتنا کہتے ہوئے میں اپنی
تقریر ختم کرتا ہوں -

శ్రీ పి. లక్ష్మయ్య (నల్గొండ—రిజర్వుడు) :

అధ్యక్షమహాశయా,

మొట్టమొదట మనం శాసనసభలోకి వచ్చినప్పుడు సత్యము చెపుతామని ప్రమాణమ్ము తీసుకొన్నాము. నేను ఆనాడు చేసిన ప్రమాణమును దృష్టిలో వుంచుకొని వాస్తవమైన విషయాలు మాట్లాడటానికి నిలబడ్డాను. హరిజనుల కష్టాలు మీ ముందర పెట్టడంకోసం నేను నిలబడ్డాను. ఇప్పుడు హరిజనుల కష్టాలు ఎక్కువ అయినాయి. ఆనాడు గాంధీ మహాత్ముడు ఉన్న రోజుల్లో హరిజన సేవా సంఘాలని పెట్టి, వారు చెప్పినట్లు నడుచుకొన్నాం. ఈ జాతి పూర్తిగా కష్టం పొందుతోంది. ఈ జాతిని ఎట్లా లేవదీస్తారు? ఈ జాతి ఎందుకు పడిపోయింది? ఎట్లా పడిపోయింది?—అనేది చూడాలి. రెండువందల సంవత్సరాలనుంచీ ఈ జాతిని నష్టము చేశారు. ఈ జాతిని నాశనం చేశారు ఈ జాతి ఇప్పుడు ఎల్లా నిలబడుతుంది?

స్పీకరు :—

పటేల్ పట్వారీలు 300 ఇండ్లు, ౫౦ ఇండ్లు యీ విధంగా ఉండే గ్రామాలలో ఎనిమిదిమంది చొప్పున హరిజనులను ఏర్పాటుచేసి వారిచేత వెట్టిచాకిరి చేయించుకొంటున్నారు. పటేల్ పట్వారీలు యీ విధంగా చీలికలు పెట్టి, ఎనిమిదిమందికి ఐదు ఎకరాల భూమిని మాన్యం పేరుమీద ఇచ్చామని చెప్పి వారిచేత వెట్టిచాకిరీ చేయించుకొంటున్నారు. ఐదు ఎకరాలభూమి సరిపోతుందా? ఈ ౮ మందీ కుటుంబాలను ఆ ౫ ఎకరాలు ఏ మాత్రం సరిపోవు. కాని పటేల్ పట్వారీలు ఆ భూమిని ఎనిమిదిమంది పొత్తులో పెట్టారు. ఆ భూమి చేసుకోవాలంటే ఎనిమిదిమందిలో ఒక్కరికి కూడా సరిపోదు. ఈ విధంగా ౫ ఎకరాల భూమిని ౮ మందీ హరిజనులకు - ఇచ్చామని చెప్పి, వారిచేత వెట్టిచాకిరీ చేయించు కొంటున్నారు. ఈ విధంగా అచ్చటి హరిజనులను నానావిధముల కష్టపెట్టి వారిచేత వివిధమైన వెట్టి చాకిరీలు చేయించుకొంటున్నారు. వారు వెట్టిచాకిరి చేయకపోతే "మిమ్మల్ని ఊళ్ళోనే లేకుండా చేస్తామని" భయపెడుతున్నారు. ఎర్రమన్నుతెచ్చి ఇండ్లు అలకటం, వడ్లు దంచటం, అమీన్ ఇంటిముందు కావలి కాయడం, చింతచిగురు కోసుకురావడం, కట్టెలు కొట్టడం యీ విధంగా వారిచేత వెట్టిచాకిరి చేయిస్తున్నారు. వెట్టిచాకిరి చేయనంటే వారిపైన దౌర్జన్యాలు చేస్తున్నారు. ఈ హరిజనులు ౮ దినముల కొకసారి, ౧౦ దినముల కొకసారి బీటు వెడతారు. నల్లగొండనుంచి కొత్తపల్లి వరకు ముగ్గురు, కొత్తపల్లినుంచి చెన్నారం ముగ్గురు, అక్కడనుంచిదోలపల్లి ముగ్గురు యీవిధంగా బీటు జవాన్ వెడతాడు. ఒకడు పటేల్ పట్వారీల పక్కచుట్ట మోయాలి. ఒకడు బూట్లు తుడవటానికి ఉండాలి. మరొకడు వారి సామాను మోయాలి. మాదిగవాళ్ళు బీటు పోయినప్పుడు వాడు మాట వినటం లేదని అంటే పటేల్‌గారు అతన్ని సావిట్లోకి తీసుకువచ్చి వాళ్ళని మెత్తగా చితగ కొడతాడు. వారు ఇల్లా బాధలు పడలేక ఏమైనా ఇతర వృత్తులు చేసుకొందామన్నా వాళ్ళకి వేరే ఆధారాలు లేవు. హరిజనులు పటేల్

పట్వారీలు [illegible] కావలా కాయాలి. వాళ్ళ సావడిలో రాత్రిళ్ళు పండుకోవాలి. ఊళ్ళోకి గిరిదావరు వస్తే [illegible] వస్తాడు. వీళ్ళందరు వస్తే యీ హరిజనులు వారికి సేవ చేయాలి. వాళ్ళను కావలా కాయాలి. వాళ్ళవెంట తిరగాలి. వాళ్ళ సామానులు మోయాలి. గిరిదావరు వస్తే ఆ పటేల్, ౧౦ మందిని భూములు కొలవటానికి తీసుకు వెడతారు. ప్రొద్దున నుంచీ సాయంత్రం వరకు భూములను కొలిపిస్తారు. గిర్దావరుకు నక్షాలు వచ్చేవరకు వాళ్ళు అక్కడ వుండాలి. వారిచేత ఈ విధంగా వెట్టిచాకిరి చేయించుకొంటున్నారు. వారికి కూలి ఇవ్వరు. వారికి కూలీ ఇవ్వకపోతే వారు ఏమి తినాలి? ప్రొద్దునల్లా కష్టం చేస్తారు. ఇంటికివచ్చి ఏం తినాలి? వారు బయట కావలా కాయాలి. సావిడిలో పండుకోవాలి. డొంకలలో కూడా కావలా వుండి, అక్కడనే పండుకోవలసి వస్తుంది. గిర్దావరు ఎక్కడనుంచి వచ్చాడో ఆ ఊరుకు తిరిగి అతని సామాను మోసుకు వెళ్ళాలి. జమీందార్లు ౮ అణాలు కూలి ఇచ్చి హరిజనుల చేత రోజల్లా పని చేయించుకొంటారు. ప్రతివారు ఇల్లా వారిచేత చాకిరీ చేయించుకుంటే వీరిగతి ఎల్లాగు? హరిజనులచేత ఉచితంగా వెట్టిచాకిరీ, పనులు చేయించుకొని పెద్దవాళ్ళు అయినారు. వాళ్ళు ధనం సంపాయించారు. భూములు సంపాయించారు. వాళ్ళు నజరానా తీసుకువచ్చి నైజాంకు ఇచ్చి అతడిని ధనవంతుడిని చేశారు. ఇప్పుడు మావుజా ఇస్తున్నారు. ఈ విధంగా ప్రతి గ్రామం లోపల ౮ మందీ హరిజనులచేత ఉచితంగా వెట్టి పనులు చేయిస్తున్నారు. ఈ ౮ మందికి లెక్క కడితే ఒక్కొక్కడికి నెలకు ఐదు రూపాయలు జీతం. ఆ ౮ మందికి ౪౦ రూపాయలు అవుతుంది. సంవత్సరానికి ౪౮౦ రూపాయలు అవుతుంది. వారు ౨౦౦ సంవత్సరాలనుంచి ఉచితంగా కష్టం చేస్తున్నారు. మొత్తం వారు ఊరికి ౯౦ వేల రూపాయల పని చేశారు. నిజాముకిచ్చే మావుజా అవి మాకివ్వాలి. మనకు స్వాతంత్ర్యము వచ్చిన తరువాత, మన ప్రభుత్వము వచ్చిన తరువాత మాకష్టాలు పోతాయనుకున్నాం. మాకు మేలు జరుగుతుందనుకొన్నాం. మీరు చెప్పిన పద్ధతి ప్రకారం అప్పుడు నడుచుకొన్నాం. కాబట్టి ఇప్పుడు ప్రభుత్వము, వారికి రావలసిన ౯౦ వేల రూపాయలను ఇప్పించినట్లయితే వాళ్ళు మంచిగా భూములు కొనుక్కోవచ్చును. వాళ్ళు మంచిగా వ్యవసాయం చేసుకోవచ్చును. వాళ్ళకు ఖారిజ్ కాలా భూములివ్వకపోయినా సరే, పోరంబోకు లివ్వకపోయినా సరే, ఈ ౯౦ వేల రూపాయలు మాత్రం వారికి ఇచ్చినట్లయితే వారిని బాగుచేసినవారమవుతాము. ఆ విధంగాచేస్తే మిమ్ములను దేవుళ్ళుగా మొక్కవచ్చును. మీరే భగవంతుడని మొక్కుకొంటాం. ఆవిధంగా వారికి ౯౦ వేల రూపాయలు ఇప్పించాలని మనవి చేస్తున్నాను. భూములు ఇస్తామంటున్నారు, వారికి భూమిలిచ్చినంతమాత్రాన చాలదు. ఆ భూములు చేసుకోడానికి డబ్బు వారిదగ్గరలేదు. ఆ విధంగా వాళ్ళు డబ్బులేక వదిలిపెట్టిన భూములను పటేల్ పట్వారీలు స్వాధీనం చేసుకొని ఇతరులకు అమ్ముకొంటున్నారు. నల్లగొండజిల్లాలో నిర్సినాయిపెట్ల గ్రామంలోపల ౮ ఎకరాల ౪౦ కుంటల భూమిని రామచంద్రారెడ్డి అనే పటేల్—ఆయనే మాలీ పటేల్ కూడాను— 330 రూ. కు అమ్ముకొన్నాడు. హరిజనులు పోయి ఆ భూమిని అమ్మవద్దు; మాకు ఇస్తే మేము దానిని చేసుకొని బాగు పడతామని ఆయనవద్దకు వెళ్ళి బ్రతిమాలితే "నామీద దౌర్జన్యం [illegible]నికి వచ్చారని" చెప్పి వాళ్ళపైన కేసులు పెట్టారు.

[illegible]లలోపల పోరంబోకు భూమి వుంది. 'ఖారిజ్ఖాతా భూమి వుంది. ఆ భూమి [illegible] భూమిపై హరిజనులకు హక్కు వుంది.' అని చెప్పారు. శంకర్రా

అనే ఆయన కాంగ్రెసు నాయకుడనని చెబుతాడు. కొంత కాలం పోలీసులో కొలువు చేశాడట. ఆయనకు సర్కారు వారు భూమి ఇస్తానన్నారట. ఆయన హరిజనులు సాగు చేసుకొంటున్న భూమిని లాక్కొన్నాడు. పోలీసులను తీసుకు వచ్చి వారిని దెబ్బలు కొట్టించాడు. ఈ జాతుల అభివృద్ధికి ౩౨ లక్షలు ఇస్తున్నామని చెబుతారు. ఈ డబ్బు ఎవరికి ఇస్తున్నారు? ఈ డబ్బు అంతా ఎవరిదగ్గరకు పెడుతోంది.—అనేది ప్రభుత్వం వారు చెప్పాల్సి వుంది. ప్రభుత్వం ఇచ్చే డబ్బు మంచిగా ఖర్చు అవుతోందా? ఇప్పుడు ఖారిజ్ఖాతా పోరంబోకు భూములను హరిజనులు ఎనిమిదేండ్లనుండి, పదేండ్లనుండి సాగు చేసుకొంటున్నారు. ఇన్ని సంవత్సరాలనుంచి ఆ భూమి వారి స్వాధీనంలో ఉన్నా వారికి పట్టా లివ్వక పోతే ఎట్లా? ఇప్పుడు నేను ముఖ్యమంత్రితో మనవిచేసేదేమంటే, హరిజనులు సాగుచేసుకొంటున్న భూములకు పట్టాలిప్పిస్తే బాగుంటుంది. మేము దీనిని గురించి చీఫ్మినిస్టరుగారికి విన్నవిస్తే, కలెక్టరుకు వ్రాయమన్నారు. కలెక్టరుదగ్గరకు పోతే ఆయన తహశీల్దారుకు వ్రాశామని చెప్పారు. తహశీల్దారువద్దకు పోతే గిరిదావరుకు వ్రాశాం అతని దగ్గరకు వెళ్ళమన్నారు. గిర్దావరును అడిగితే పటేలుగారికి వ్రాశాను, ఆయననడగమన్నాడు. మేము మా భూములకు పట్టాలిప్పించమని పటేల్గారిని అడిగితే పట్టాలివ్వడానికి ఎకరానికిపది ఇరవై రూపాయలు ఇవ్వమని చెప్పారు. "మేం బీదవాళ్ళం; కూలీ లేనివాళ్ళం; మేం ఎక్కడ నుంచి డబ్బు తెస్తామని" అంటే, "డబ్బు ఇవ్వలేనివాళ్ళకు భూమి ఎందుకయ్యా?" అని అన్నాడు. మేంఎలా బ్రతకాలని అడిగితే మన్నుతిని బ్రతకమన్నాడు. గడ్డితిని బ్రతకమన్నాడు. మట్టితిని, గడ్డితిని ఎట్లా బ్రతకాలి? మేం చీఫ్మినిస్టరుగారిని మొరపెట్టుకొంటున్నాము. వారిని భగవంతునిగా తలచి మొరపెట్టుకొంటున్నాము. ఈ బీదల స్థితి ఆలోచించాలి ఈ హరిజనులకు వెట్టిచాకిరీ లేకుండా చేయాలి. భగవంతుడు ఎటువంటివాడో మాకు తెలియదు. మంత్రులే భగవంతుడని మేము అనుకోవచ్చును. త్రిమూర్తులు విష్ణువు, ఈశ్వరుడు, బ్రహ్మ అనుకొంటాను. విష్ణుమూర్తి చీఫ్మినిస్టరు, అంటాను. స్పీకరు ఈశ్వరుడు అంటాను. (ప్రైమినిస్టరు,) ప్రధానమంత్రి నెహ్రూగారు బ్రహ్మ అని అనవచ్చును. వీరందరు హరిజనుల కష్టాలను విచారించి, వారి కష్టాలను దూరం చేస్తారని మనవి చేస్తున్నాను.

श्री. माधवराव वायपनकर:—मिस्टर स्पीकर सर, मी आपल्या परवानगीने ६८,८९; ३७६ रुपयाच्या राजसत्तेच्या खर्चाच्या मागणीला १०० रु. ची कपात सुचविली आहे. यांत माझा मुद्देश, रेव्हेन्यू बोर्डाच्या कामकाजावर चर्चा करावयाचा आहे. बोर्ड ऑफ रेव्हेन्यूचें जें कामकाज चालतें तें फार हळू चालतें त्यामुळें आम्हां गरीब शेतकऱ्यांना फारच त्रास पडतो. दोन दोन, तीन तीन दिवस, आम्हांला हैद्राबादला येऊन रहावे लागते. यावयाला पांच रुपये, जाण्यास पांच रुपये, व राहावयाचा दररोजचा पांच रुपये खर्च धरून प्रत्येक खेपेला. २५ ते ३० रुपये खर्च येतो शिवाय इतके वेळां येऊन केसेस (Cases) चा निकाल लागत नाहींच व त्या पेंडिंग (Pending) पडून राहतात, व दोन दोन तीन तीन वर्षे निकाल लागत नाहीं.

पूर्वी आम्हांला वाटत असे कीं आता निजामचें राज्य जाऊन कॉंग्रेसच राज्य आलें म्हणजे यांत कांहींतरी बदल होईल पण मला असें दिसतें कीं यांत कांहीं हि बदल झाला

नाहीं. पूर्वी तालुकदारीचा मुराफा सुभेदारींत होत असे. आतांच्या सरकारनें सुभेदाऱ्या बंद करून टाकल्या, ठीक झालें, जनतेच्या पैशांत बचत झाली. पण शेतकऱ्यांच्या त्रासांत बचत झाली नाहीं. कारण परभणीच्या शेतकऱ्याला औरंगाबादची सुभेदारी जवळ पडत असे, पण आतां त्याला हैद्राबादला यावे लागते, व वाटेल तसा खर्च करावा लागतो. जेव्हां मिनिस्टर साहेबांच्या कडे डिव्हीजन (Revision) होते तेव्हां देखील फार वेळ लागतो. तेहि तिकडे विशेष लक्ष देत नाहींत. याला लोकशाहीचें राज्य म्हणत नाहीत. याला हुकुमशाहीचे राज्य म्हणतात.

तसेच शेतकऱ्यांच्या मुलांना सरकारी नोकऱ्या दिल्या जात नाहींत. ज्यांच्या जवळ शिफारसी असतात, ज्यांची मिनिस्टर पाशीं टिक्की असते, अशांनाच तहसीलदारी किंवा नायव तहसीलदारीची नोकरी दिली जाते. आमच्या मराठ्यामध्यें १०, १५ देखील ग्याझेटेड ओहदेदार नाहींत याकडे सरकारने लक्ष दिलें पाहिजे, आणि शेतकऱ्याच्या मुलांना सरकारी नोकऱ्या देण्याचा प्रयत्न केला पाहिजे.

आतांच अेका ऑनरेबल मेंबरने सांगितलें कीं कॉंग्रेसने लोकांच्या करितां असें केलें, व तसें केलें, पण मला त्यांना सांगावयाचें आहे कीं लोकांना कांहीं नको, त्यांना फक्त सुख पाहिजे. त्यांना जर तुम्ही तकलीफ दिली, तर तुमचें राज्य राहणार नाही.

तालुकदारीमध्यें सुद्धां शेतकऱ्यांना बसावयाला जागा मिळत नाही, आणि कोणी प्यांट सूट घालून आला कीं त्याला खुर्ची बसावयाला देण्यांत येते. मला सांगावयाचें आहे कीं सर्व जण शेतकऱ्यांच्या जिवावर जगतात, मग त्यांचीच हयगय कां करतां ?

बोर्ड ऑफ रेव्हेन्यूमध्यें आमच्या कितीतरी केसेस पेंडिंगमध्यें पडून आहेत. विचारले तर सांगतात की आज नाहीं अुद्या या. माझी स्वतःची अेक केस १४ वर्षापासून चाललेली आहे. मी अेकाला विचारले कीं आणखी किती दिवस ही केस चालेल, तेव्हां त्यांने सांगितलें कीं ही मालगुजारी नव्हे, अुमरगुजारी आहे. काय याला आयुष्य गुजारी म्हणावें काय ?

बोर्डाच्या मेंबर्स नी प्रत्येक जिल्ह्यामध्यें आठ आठ दिवस दौरा केला पाहिजे, व जाग्यावर निकाल दिला पाहिजे. असें केलें तर लोकांना सवलती मिळतील, आणि काम लवकर निघेल, तसेंच मला सांगावयाचें आहे कीं, तहसीलमध्यें कोणतेंहि काम शिफारसी शिवाय होत नाहीं, या कडे सरकारने लक्ष दिलें पाहिजे. यावर जो पर्यंत कडक पाहणी राहणार नाहीं तोपर्यंत ही अंदाधुंदी अशीच राहणार आहे. ही अंदाधुंदी अशीच चालू राहिली तर काय होईल हें सांगतां येत नाहीं. खालच्या कोर्टापासून वरच्या कोर्टापर्यंत, आणि रेव्हेन्यू बोर्डापर्यंत कडक पाहणी ठेवावी, व लोकांचें काम लवकर निकालांत काढण्याची ओहदेदारांना सूचना द्यावी. अेवढे बोलून मी आपले भाषण संपवितें.

श्री. नागोराव विश्वनाथराव पाठक (सिलोड) :—अध्यक्ष महाराज, कालपासून माननीय चीफ मिनिस्टरांच्या मागण्यावर बरीच चर्चा चाललेली आहे. मला पहिल्या प्रथम हें सांगावयाचें [illegible] अेका ऑनरेबल मेंबरने——

شری اختر حسن (جنگاؤں) - کیا قاعدہ کے لحاظ سے لوگ اسپیکر کو مخاطب کر کے تقریر کرنے کیلئے کھڑے رہ سکتے ہیں ؟

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - میں سمجھا نہیں -

شری اختر حسن - تقریر کیلئے کھڑے ہونے کیلئے اسپیکر سر کہکر مخاطب کیا گیا تا کہ آپ متوجہ ہوں - کیا ایسا کرسکتے ہیں ؟

Mr. Deputy Speaker: Members can address the Chair.

شری پنڈم واسدیو - ہم کٹ موشنس دئے ہیں - ہمیں موقع نہیں ملا اور اب صرف ایک گھنٹہ باقی رہ گیا ہے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - ایسا نہیں ہےکہ جوکٹ موشنس دیتے ہیں صرف ان ہی کو تقریر کرنے کا حق ہے اور دوسروں کو نہیں -

شری پنڈم واسدیو - کٹ موشنس اسی لئے دیتے ہیں کہ ..

Mr.Deputy Speaker: The Member may continue.

श्री. नागोराव विश्वनाथराव पाठक:—अेका ऑनरेबल मेंबरनें राजप्रमुखांच्या संस्थेवर टीका केली, आणि सांगितलें कीं ती संस्था नष्ट झाली पाहिजे. या बाबत आमचेंहि दुमत नाहीं परंतु प्रश्न असा आहे कीं कोणतेहि सरकार असो त्याचे कांहीं कररारमदार असतात; त्याच प्रमाणे आमच्या सेंट्रल गव्हर्नमेंटचाहि निजामा बरोबर करार झालेला आहे. या कराराबाबत आमचे नेते श्री. पंडीत जवाहरलाल नेहरू विचार करीत आहेत. त्यांनाहि वाटते कीं ही संस्था नष्ट व्हावी, आणि त्या दृष्टीनें आम्ही प्रयत्न करीत आहोंत. म्हणून विरोधी पक्षाच्या लोकांनी असे समजूं नयें कीं या करितां फक्त तेच प्रयत्न करीत आहेत. आम्ही हि त्या दृष्टीनें प्रयत्न करीत आहोंत. ही संस्था आम्हाला देखील नको आहे.

दुसरी गोष्ट म्हणजे वतनदारी बद्दल होय. यावरहि बरीच टीका विरोधी पक्षाकडून केली गेली आहे. पाटील आणि पटवारी याबद्दल मोठें पुराण आहे. तसेच या पाटील आणि पटवाऱ्यांचे पुराण आहे. आजकाल आमचें सरकार या बाबत प्रयत्न करीत आहे, व अेक कायदा आणण्याचाहि त्यांचा विचार आहे. निरनिराळ्या लोकांना तालुक्यांतून बोलावून त्यांचें मत अधिकाऱ्याकडून अजमावण्याचा प्रयत्न होत आहे. पण मला सांगावयाचें आहे कीं या कामांत दिरंगाअी होता कामा नयें. हे जुने सरंजामशाहीचे अवशेष आहेत, त्यांना नष्ट करण्याचा तावडतोब प्रयत्न झाला पाहिजे. माझें मत असें आहे कीं ह्यांना नष्ट कराच, पण प्रत्येक गांवांत अेक माली पाटलाची पोस्ट आहे ती अगोदर नष्ट करा. याचा अर्थ असा नव्हे कीं जे पाटील पटवारी आहेत त्यांच्या पोस्ट नष्ट करण्यांत दिरंगाअी झाली तरी चालेल. पण त्यांतल्या त्यांत ही जी माली पाटलाची पोस्ट आहे ती अगोदर नष्ट करावी अशी माझी चीफ मिनिस्टर साहेबांना विनंती आहे. या करिता सरकारनें मुंबअी प्रांतातील तलाठी सिस्टीम कायम करण्याचा प्रयत्न करावा. किंवा प्रत्येक प्रांतांतील अेका अेका जिल्ह्याचा अभ्यास करून निरिक्षण करावें, व जी पद्धत चांगली असेल

ती पद्धत आपल्या येथे कायम करावी व त्या दृष्टीनें सरकारने पाअूल अुचलावे अशी माझी सरकारला सूचना आहे.

सोशल सर्व्हिस डिपार्टमेंट बद्दलहि बऱ्याच लोकांनी टीका केलेली आहे. मला असें सांगावयाचें आहे कीं हें डिपार्टमेंट अितर राज्यांत नाही. तें फक्त आपल्या येथेच आहे. यांत ज्या गोष्टी केल्या जातात त्यां सर्व चांगल्याच आहेत. माझें असें म्हणणें नाहीं कीं सोशल सर्व्हिस, डिपार्टमेंट मध्यें कांहीं दोष नाहीं त्यांत कांहीं दोषहि असतील पण ते दूर करण्याचा प्रयत्न केला पाहिजे; हें सरकारचें काम आहे. मागील वर्षी या डिपार्टमेंट करिता ८ लक्ष ५७ हजार रुपये मंजूर झाले होते. या वर्षी थोडी जास्त रक्कम मागितली आहे. मला असे सुचवावयाचें आहे कीं यांत मोठमोठे अधिकारी आहेत परंतु अेकमेकांत संलग्नता नाहीं. यामुळें या खात्याकडून, म्हणावी तितकी चांगली सुधारणा लोकांच्या समोर येत नाहीं, व त्यामुळें विरोधी पक्षाच्या लोकांना टीका करण्यास वाव मिळतो. आमच्या औरंगाबाद जिल्ह्यामध्यें पुष्कळ काम या खात्याने केलें आहे, पण त्या संबंधीचे रिपोर्ट वेळेवर पाठवीत नाहींत. शिवाय या खात्याचे ऑफिसर लोकांच्या मध्यें मिसळत नाहींत. असे ऑफिसर असून नसून सारखेच. म्हणून चीफ मिनिस्टर साहेबांनी या कडे लक्ष द्या, वेंव अधिकाऱ्यांना ताकीद द्यावी की त्यांनी लोकांमध्यें मिसळून काम करावें, नाहीतर त्यांना कामावरून दूर करण्यांत येअील. या ऑफिसरांना लोकांत मिसळणे कमी पणाचें वाटतें ही प्रवृत्ती चांगली नाहीं. त्यांनी सोशल वर्कर्स बरोबर मिसळून काम करावे. असे झाले तरच या खात्याचा सदूपयोग होअील. अितकें बोलून मी आपलें भाषण संपवितों.

شری اختر حسین - جناب اسپیکر صاحب - آج پھر میں وهیں سے شروع کرتا هوں کہ جو سوازنہ هے اور اسکے جو الگ الگ گوشوارے هیں اسمیں جو تفاوت اور فرق مختلف مدات کی رقوںات میں همیں نظر آتا هے اسکے بارے میں، پھر ایک مرتبہ سوچنا هے کہ یہ تفاوت کیوں هے - آج جبکہ یہ دعوی کیا جاتا هے کہ هم جمہوری دور میں قائم هوچکے هیں اور هم نے عوامی حکومت قائم کرلی هے تو اسکے ساتھ ساتھ قدرتی طور پر اور منطقی طور پر یہ سوال پیدا هوتے هیں کہ جو اعلانات هم نے کئے تھے - عوامی جد و جہد کے دوران میں جو وعدے کئے تھے انکو کس حد تک پورا کررهے هیں - هم اپنے بجٹ کے گوشوارہ کے بعض پہلووں پر نظر ڈالتے هیں تو معلوم یہ هوتا هے کہ همارے اخراجات کے وہ مدات خاص طور پر بہت بڑھے هوئے هیں جنکو همیں کم سے کم تر کرنا چاهئے - جنکو گھٹانے کا هم نے قطعی طور پر وعدہ کیا تھا - یہ مدات نہ صرف پہلے کی طرح قائم هیں بلکہ انمیں کافی اضافہ هوا هے - ان مدات میں راج پرمکھ - جاگیردار اور بڑے بڑے عہدہ دار شامل هیں - ابھی آنریبل ممبر فار کلبرا گرتی جو شائید اسوقت یہاں تشریف نہیں رکھتے بڑے زور و شور سے ان گوری چمڑی والے انگریزوں کے گن گائے جنھوں نے دو سو سال تک اس دیش میں حکمرانی کی، همیں غلام بنائے رکھا اور اپنی مشنری کو استعمال کیا - وہ جنھوں نے هماری صنعتوں کو فروغ حاصل کرنے نہ دیا وہ جنھوں نے همارے ملک کے وسائل کو ابھرنے نہ دیا اور خام پیداوار کو اپنے ملک کیلئے استعمال کیا انکی تعریف کی جاتی هے کہ انکا بڑا اچھا اڈمنسٹریشن تھا۔ انکے اڈمنسٹریشن کی تعریف کی

جاتی ہے جسکے وائسرائے کی تنخواہ ۲۰ ہزار اور بڑے بڑے آفیسروں کی تنخواہیں ۵-۵ ہزار تھیں - جو ہمارے ملک اور قوم کو لوٹنے والے تھے انکی تعریف عوام کے آگے ۱۵ - اگست سنہ ۱۹۴۷ع سے پہلے کیجاتی تو معلوم ہوتا کہ عوام انکا کیا لحاظ کرتے - میں ان تعریف کرنے والے آنریبل ممبر سے یہ ادباً کہونگا

اتنی نہ بڑھا پاکئی دامن کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ ذرا بند قبا دیکھ

آپکے دامن پر جو داغ ہیں لوگ ان پر اعتراض کررہے ہیں انکو بے اعتمادی کی نظر سے دیکھ رہے ہیں - اب عوامی حکومت آنے کے بعد بڑے عہدے ملتے ہیں بڑے ٹھیکے ملتے ہیں - بڑے بڑے گتے ملتے ہیں اور بڑی بڑی تنخواہیں ملتی ہیں تو یہ کہنا کہ یہ اچھی چیزیں ہیں - اس اڈمنسٹریشن کی تعریف کیجاتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ انگریزوں کا اڈمنسٹریشن اچھا تھا - انکی قصیدہ خوانی کیجاتی ہے - اس زمانے کے مسائل کے حل کیلئے آپ یہ منطق لوگوں کے سامنے رکھتے ہوئے اوس سابقہ نظام اور اوس ڈگر پر چلتے ہوئے نہیں بچ سکتے - آج لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ انکے حجام دھوبی اور گولی کیا کررہے ہیں گولی دودہ میں پانی کیوں ملاتا ہے - لوگ آج آپکی اس اخلاقی فلاسفی کو ماننے والے نہیں ہیں - لوگ اپنے مسائل کا فوری حل چاہتے ہیں- آج کی گورنمنٹ انکے مسائل کو نہ حل کرکے کانگریس بنچس کی جانب سے جو فلاسفی (Philosophy) پریچ (Preach) کیجاتی ہے اس سے کام چلنے والا نہیں ہے - اگر ان مسائل کو حل کرنے کیلئے اور اڈمنسٹریشن کو بنیادی طور پر درست کرنے کی کوشش نہ کیگئی تو پھر مجھے یہ عرض کرنا پڑیگا کہ اقتدار میں آنے کے بعد - گدیوں پر بیٹھکر آپ وہ زمانہ بھول گئے ہیں جو عوامی جدو جہد کا زمانہ تھا وہ وقت بھول گئے جبکہ آپ نے سیویاں بیلی تھیں- ہم اس زمانہ کو اور اوسوقت کے وعدوں کو یاد دلاتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ آپکو اپنی راہ عمل متعین کرنا پڑیگا - اس خواب غفلت میں پڑے رہنے سے کام نہیں چلیگا تو ہم سے یہ کہا جاتا ہے کہ انگریزوں کا جو اڈمنسٹریشن تھا اسمیں بڑی خوبیاں تھیں - ہمیں انکا شکرگزار ہونا چاہئے کہ انہوں نے ایسا اڈمنسٹریشن ہمیں دیا - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک بھول ہے - ایک بھاری غلطی ہے جس سے اپنے آپ کو دھوکا دیا جاسکتا ہے لیکن لوگ ان دھوکوں میں آنے والے نہیں ہیں - ہمارے دیش کے آزاد ہونے کے بعد جو ترقی کی راہ متعین کیگئی اور جو خاکہ ہمارے سامنے پیش کیا گیا تھا وہ ہمارے سامنے ہے - اسکے حصول کو پیش نظر نہ رکھتے ہوئے آج آپ واشنگٹن اور لندن کی طرف دیکھتے ہیں - آج ہم یہ کہتے ہیں کہ نظم و نسق کو ایسا بنانا چاہئے جو ایک منزل کی طرف بڑھے - خوش حالی کی منزل جسکو آپ ولفیر اسٹیٹ کہتے ہیں اور ہم پیپلز ڈیموکریسی (People's democracy) جہاں کسی کو سولی پر نہیں چڑھایا جاتا اور جہاں قتل عام نہیں ہوتا بلکہ لوگوں کو زندہ رہنے اور انہیں اپنا صحیح مقام حاصل کرنے کا موقع دیا جاتا ہے - جہاں اونچ نیچ کا فرق نہیں رکھا جاتا - اس

منزل کی طرف جائیں - ہمیں اسکا یقین دلانا ہوگا - جسکا نہ صرف اپوزیشن کے لوگوں کو بلکہ مختلف جماعتوں کے لوگوں کو کانگریس پارٹی نے یقین دلایا تھا - ہم یہ کہتے ہیں کہ چین کو دیکھئے وہاں کیا ہوا - پنڈت سندر لعل جی جو گاندھی جی کے بہت بڑے چیلے تھے - کمار اپا بھی جو گاندھی جی کے چیلے اور ماہر معاشیات ہیں اور دوسرے ایماندار لوگ جو چین گئے ہیں انہوں نے وہاں سے آنے کے بعد کتابیں لکھی ہیں آپ انہیں دیکھئے - لیکن مجھے افسوس ہے کہ جب ہم چین کی مثال یا کوئی اور مثال دیتے ہیں تو وہ نہیں مانی جاتی بلکہ انہیں مختلف الفاظ سے ٹالنے کی کوشش کیجاتی ہے - چین میں کسطرح اڈمنسٹریشن بدلا ہے - وہاں کرپشن کو کسطرح دور کیا گیا ہے - وہاں سامراج کسطرح ختم کیا گیا - وہاں صرف تین چار سالوں میں حکومت نے کیا کیا کیا ہے اسکو دیکھئے - میں یہاں پر اڈمنسٹریٹیو سرویسز کے تعلق سے دو باتیں باتیں عرض کر کے گزر جانا چاہتا ہوں - چین میں جو سب سے بڑا آدمی ہے اوسکی تنخواہ (۶) سو روپیہ (ہمارے سکہ کے برابر) ہے - جو وہاں کے بڑے عہدہ دار اور آفسرس ہیں اونکی تنخواہ تین سو روپیہ سے زیادہ نہیں ہے - اسی طریقہ سے وہاں کا مزدور - اسکلڈ لیبر کو ڈھائی سو یا تین سو روپیہ ملتے ہیں - جے - سی کمارا پا صاحب نے اپنے مضمون میں یہ بات صاف طریقہ سے لکھی ہے کہ وہاں اسکلڈ لیبر کی جو آمدنی ہے وہ درمیانی طبقہ اور سرکاری ملازمین کی آمدنی سے زیادہ ہوتی ہے - اس لئے کہ وہ اپنی محنت کے ذریعہ ملک کی دولت میں اضافہ کرتا ہے - اسی کی وجہ سے وہاں کی سوسائٹی میں ناہمواری کم ہے - زیادہ سے زیادہ ایک اور دس کا فرق ہے - یہ نیا سسٹم جو انہوں نے لایا ہے وہ ہمارے لئے بھی قابل تقلید ہے - اس سے انکار کرنا حقیقت کو جھٹلانے کے برابر ہوگا - سنہ ۱۹۴۹ع میں اون کا بجٹ ۶۰ فیصد خسارہ کا بجٹ تھا - انہوں نے ایک سال میں اس خسارہ کو دور کردیا - دوسرے سال کا بجٹ جو انہوں نے بنایا وہ ۱۸ فیصد خسارہ کا بجٹ تھا - اور اب کے بجٹ میں کوئی خسارہ نہیں ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ اڈمنسٹریٹیو سرویسز کے سلسلہ میں انہوں نے ایسی سرویسز کو کم سے کم تر کردیا - وہاں کے بڑے بڑے آفیسرس جنس کی شکل میں تنخواہ لینے کو ترجیح دیتے ہیں - جے - سی - کمارا پا نے وہاں کے دو وزیروں سے گفتگو کی اون سے میں ایک ایسے ہیں جو جنس کی شکل میں تنخواہ لیتے ہیں - انہوں نے اس کی وجہ اون سے پوچھی تو جواب دیا گیا کہ ہمارے بچوں کی تعلیم کا انتظام اون کے کھانے کپڑوں کا انتظام گورنمنٹ کرتی ہے اس لئے اس شرط کو میں نے قبول کیا ہے - وہاں جو اون کو تنخواہ ملتی ہے وہ تین سو ساڑھے تین سو کٹی گیہوں ملتا ہے (یہ ایک پیمانہ ہے جو ایک پاونڈ کے برابر ہوتا ہے - اور اون کو دوسری ضروریات کی چیزیں بھی دیجاتی ہیں - اس کا وہاں کی اکانمی پر بہت اچھا اثر پڑتا ہے - یہاں یہ کہا جاتا ہے کہ ہم کانسٹی ٹیوشن کے بغیر کچھ نہیں کرسکتے - بار بار کانسٹی ٹیوشن کی بات لائی جاتی ہے - وہاں انہوں نے نیشنل بانڈز جاری کئے ہیں اور یہ تیقن دیا گیا ہے کہ جو لوگ گورنمنٹ کو روپیہ دینگے اون کو اجناس دیا جائیگا - بازار کے دام پر - اگر کم دام ہوں کم دئے جائینگے اور زیادہ ہوں تو زیادہ

اور منافع کے ساتھ بانڈز واپس لئے جائینگے - اس طرح سے اون کا خزانہ جو خالی ہوچکا تھا وہ بھر پور ہو جاتا ہے - میں یہ چند مثالیں پیش کرتا ہوں اور اپیل کرتا ہوں کہ آپ خواب غفلت میں نہ رہیں - آج اجالا آگے بڑھ رہا ہے - اجالوں کو آگے بڑھنے سے روکا نہیں جاسکتا - آپ ولفیر اسٹیٹ کسطرح بناسکتے ہیں جبکہ آپ کے بجٹ میں گنجائش ہی نہیں - پانچ پانچ چھ چھ ہزار تنخواہیں دیجارہی ہیں - اسٹیبلشمنٹ پر اتنا روپیہ خرچ کیا جا رہا ہے - ۵۰ سے لیکر ۸۰ فیصد تک خرچہ کو گھٹا سکتے ہیں - اخلاقیات کی باتیں کی جاتی ہیں - اس کے واسطے انگریز سامراج کے نمونے اور مثالیں دیجاتی ہیں - اور کہا جاتا ہے کہ ہم آپ کے شکرگزار ہیں - آپ کے احسان مند ہیں - لیکن آج کوئی شخص اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوسکتا - انگریزوں نے جو کچھ کیا وہ اپنے منافع کے لئے کیا - ہم ہرگز اون کے راستے پر نہیں چل سکتے - ہمارا راستہ چین کا راستہ ہوسکتا ہے - ہمارا راستہ خود ہمارا اپنا راستہ ہوسکتا ہے - آپ چند انسانوں پر لاکھ سوا لاکھ خرچ کرتے ہیں لیکن اون کلرکس پر جن کی ایک لمبی فہرست ہے صرف پندرہ ہزار روپیہ خرچ کرتے ہیں - جب تک خرچ کے اس تفاوت کو دور نہیں کیا جاتا آپ کا بجٹ متوازن نہیں ہوسکتا - نہ ہم اپنی آمدنی کو بیلنس کرسکتے ہیں - ایک اور پائنٹ جس پر آنریبل ممبر فرام کلواکرتی نے بحث کی - کل بھی اس سلسلہ میں بحث ہوئی - میری اپنی رائے یہ ہے کہ پریس کو سبسیڈی (Subsidy) دینا چاہئے یا نہ دینا چاہئے یہ سوال اس طرح سے نہیں آسکتا جس طرح سے ہاؤس کے سامنے پیش کیا گیا ہے - آنریبل ممبر نے یہ کہا کہ اگر پریس کو سبسیڈی نہ دیجائے تو کسطرح کام چل سکتا ہے - میں اون سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ اس اصول کو مانتے ہیں تو حیدرآباد میں جتنے اخبارات ہیں اور نیوز ایجنسیز ہیں اون کو سبسیڈی کیوں نہیں دیتے - سبسیڈی الگ ہے اور بلیک میلنگ الگ ہے - ان دونوں میں فرق کرنا چاہئے - آپ سبسیڈی کے نام سے بلیک میلنگ کرنا اور ان اخبارات کو با اثر طورپر اپنے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں - میں اس اصول کو تسلیم کرتا ہوں جمہوریت میں پریس کو سبسیڈی دینا چاہئے - یقیناً یہاں پریس کو امداد کی ضرورت ہے - اوسکو امداد دیجانی چاہئے - لیکن اس رنگ میں دیجانی چاہئے کہ کوئی امتیاز نہ برتا جائے - کوآپریٹیو کی بنیاد پر ایسی مدد دیجاسکتی ہے جو سب لوگوں تک پہنچ سکے - اس قسم کی مدد نہیں ہونا چاہئے جیسی کہ ورلڈبینک سے قرضہ کے طور پر دیجاتی یا امریکہ سے مدد دیجاتی ہے جس کے تحت کچھ شرائط بھی ہوتے ہیں - اس قسم کی مدد پریس کو یکطرفہ بنادیگا - اس سے وہی اغراض و مقاصد پورے ہوسکتے ہیں کہ سب عہدہ داروں کی تصویریں چھاپی جائیں - اون کی تقریریں چھاپی جائیں - یہی اوس کا فریضہ ہو جائیگا - لیکن اس سے جمہوری تقاضے پورے نہیں ہوسکتے - اس لئے پریس کو سبسیڈی دینے کےلئے جمہوری اصول اختیار کرنا ہوگا - اون کو کوآپریٹیو بیسس پر سبسیڈی دینا ہوگا - غیر مشروط سبسیڈی دینا ہوگا - پریس کو جو رقم دیجاتی ہے اوسکے بارے میں اعلان کرنا پڑیگا کہ ہماری یہ پالیسی نہیں کہ ہم پریس میں مداخلت کریں - لیکن یہاں یہ

صورت نہیں ہے - بعض پریس کی سرپرستی کی جاتی ہے اور اون سے اچھا سلوک روا رکھا جاتا ہے - لیکن بعض اخبارات سے اچھا سلوک روا رکھا نہیں جاتا - یہ غیر جمہوری طرز عمل ہے - میں تفصیلات بتلانا نہیں چاہتا - لیکن اپنے تجربہ کی بناء پر جانتا ہوں کہ رضا کار دور میں اور اوسکے بعد بھی میرے اخبار کو کوئی سبسیڈی نہیں دیگئی اور سبسیڈی نہ ملنے کے باوجود بھی میرا اخبار کامیابی سے چلتا رہا - اس لئے میں یہ عرض کرونگا کہ اخبار کو جمہوری بنیاد پر چلنا چاہئے اس کا فیصلہ اور حکم عوام ہی لگاسکتے ہیں کہ کونسا اخبار اون کا ہے اور کونسا اخبار اون کا نہیں ہے - اس لئے ہر اخبار کو غیر مشروط طریقہ پر سبسیڈی دیجانی چاہئے - ورنہ یہ طریقہ جاری رکھا جائے تو یہ سمجھا جائیگا کہ حکومت بعض اخبارات کا کوارڈینیشن (Co-ordination) خریدنا چاہتی ہے - اور اپنے پروگرام کو کام میں لانا چاہتی ہے - آج اگر ہم دوسرے ملکوں سے مقابلہ کریں تو معلوم ہوگا کہ وہ کس طریقہ سے کام کرتے ہیں اور ہم کس طریقہ سے کام کرتے ہیں - ہمارے پاس کے عہدہ دار صرف یہی چاہتے ہیں کہ اون کی تصویریں اخباروں میں - آئیں کسی فنکشن کا افتتاح کرتے ہیں اوس کی تفصیل آجائے - اس قسم کی باتیں شائع کروائی جاتی ہیں - لیکن ہمارے قومی کام - ترقی کے مدات اور بجٹ وغیرہ کے متعلق ہمارا پریس خاموش رہ جاتا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ گورنمنٹ اخبارات کے ایک سکشن کو ایک خاص طریقہ سے اپنی شہرت کے واسطے خریدنا چاہتی ہے - میں ایوان کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ شہرت اس طرح سے خریدی نہیں جاسکتی نام آوری اس طرح سے خریدی نہیں جاسکتی - بلکہ اپنے کام سے اپنی مثال سے عوام کی بھلائی اور بہبودی کے کام کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہے - اون کی ترقی اور خوشحالی کے ذریعہ حاصل کی جاسکتی ہے - اگر آپ اچھا کام کرینگے تو چاہے وہ اخباروں میں شائع ہویا نہ ہو - چاہے آپ کی تصویریں شائع ہوں یا نہ ہوں - بہرحال عوام آپکے احسانمند ہونگے - شکرگزار ہونگے - وہی شہرت اچھی ہوگی - لیکن سستی قسم کی شہرت حاصل کرنے کے لئے جو بھاری رقم دیجاتی ہے میں اوسکی مخالفت کرتا ہوں - میں حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے طرز عمل کو بدلنے کی کوشش کرے - پریس کے تعلق سے اوسکو اپنی پالیسی پر نظر ثانی کرنا چاہئے - جو تجویزیں میں نے رکھی ہیں اوس پر حکومت غور کرکے صحیح راستہ اختیار کرسکتی ہے - اتنا کہہ کر میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

Many members rise in their seats.

Mr. Deputy Speaker:—Shri Syed Hasan

श्रीमती जे. अेम. राजमणी देवी:—(सिरसिल्ला-महफुज) स्पीकर सर, जरा अिधर भी तो देखिये, जिस तरफ से अुठनेवालों की तरफ तो आप देखते ही नहीं ।

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اس قسم کا ریمارک مناسب نہیں ۔

شری سید حسن ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ میرا پہلا کٹ موشن نان آئی ۔ ایس ۔ ایف کی ورکنگ کے بارے میں ھے ۔ نان آئی ۔ ایس ۔ ایف اس لئے قائم کیا گیا تھا کہ حیدرآباد کے انٹیگریشن سے پہلے جو فوجی لوگ یہاں پر ہٹائے گئے اون کے وظائف ۔ اور گرائچویٹیز (Gratuities) کے کیسس کا تصفیہ جلد از جلد کیا جائے ۔ ان میں سے دو هزار یا اوس کے لگ بھگ ایسے لوگ تھے جن کے کیسس نان آئی ۔ ایس ۔ ایف کے ذمہ کئے گئے ۔ کئی برس سے یہ محکمہ قائم ھے لیکن مجھے تعجب ھے کہ اس محکمہ نے اب تک بھی اپنا کام پورا نہیں کیا ۔ سال گزشتہ اسی ضمن میں ایک سوال کے جواب میں چیف منسٹر نے کہا تھا کہ اس کے لئے صرف (۲۸) هزار روپیہ رکھے گئے ھیں لیکن اس سال تو بہت کم رقم رکھی گئی ۔ لیکن ریوائزڈ بجٹ جو پیش کیا گیا اوس میں چار هزار کا اضافہ کیا گیا ۔ اور اس مرتبہ ۱۱ هزار روپیہ ھمارے سامنے بجٹ کے سلسلہ میں پیش ھیں ۔ نہیں معلوم ریوائزڈ بجٹ کے وقت اور کتنے هزار روپیہ کا اضافہ کیا جائیگا ۔ پچیس هزار سے زیادہ فوجیوں کے کیسس سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے قائم کردہ سنٹرل ریکارڈ آفس میں طے کئے گئے اور اونکو ختم کردیا گیا ۔ سنٹرل گورنمنٹ نے جو سنٹرل ریکارڈ آفس قائم کیا تھا اوسکے پاس کے پورے کیسس ختم کردئے گئے ھیں اور ختم مارچ دروہ محکمہ کلوز (Close) ہو رھا ھے ۔ لیکن تعجب ھے کہ اتنے کم کیسس ھونے کے باوجود نان آئی ۔ ایس ۔ ایف نے ابھی تک فوجیوں کے کیسس کا تصفیہ نہیں کیا ۔ بروقت ان کیسس کا تصفیہ نہیں ھونے کی وجہ سے لوگ مختلف مصیبتوں میں مبتلا ہو گئے ھیں اور بعض لوگ تو خودکشی بھی کرلئے ھیں ۔ نان آئی ۔ ایس ۔ ایف جس مقصد کے لئے قائم کیا گیا ھے صحیح معنوں میں وہ مقصد پورا نہیں ہو رھا ھے ۔ بلکہ چند مٹھی بھر لوگوں کو جو گورنمنٹ نے پرورش کرنے کے لئے یہ دفتر قائم کیا ھے نہیں معلوم وہ لوگ جب تک رھینگے کیا اوس وقت تک یہ دفتر قائم رھیگا ۔ ۱۱ هزار کا بجٹ اس ضمن میں رکھا گیا ھے گو حکومت کے نزدیک ۱۱ هزار روپیوں کی کوئی اھمیت نہیں لیکن ھم اور ھمارے پیچھے جو عوام ھیں وہ اس طریقہ سے اسراف کو برداشت نہیں کرسکتے ۔ آپ صرف اون چند مٹھی بھر لوگوں کی ھمدردی توکرتے ھیں لیکن هزاروں کی تعداد میں جن فوجیوں کو ہٹاکر زندہ درگور کردیا گیا کیوں حکومت اون کی طرف توجہ نہیں کرتی ۔ یہ صحیح ھے کہ انگریزوں کے جانے کے بعد مختلف ریاستوں میں اسٹیٹ فورسس کو ڈسبینڈ کیا گیا ۔ لیکن اون کے لئے متبادل صورتیں بھی نکالی گئیں ۔ اون کو اسٹیٹ کے دوسرے بٹالینس اور آر ۔ ٹی ۔ ڈی میں اور دوسرے ڈپارٹمنٹس میں جہاں موزوں سمجھا گیا جگہ دیگئی ۔ لیکن یہاں کی حکومت جہاں نپوٹ ازم اینڈفیوریٹ ایزم (Nepotism and Favouritism) اور کرپشن میں نمایاں خصوصیت رکھتی ھے وھیں تعصب میں بھی اس حکومت کو ایک امتیازی مقام حاصل ھے ۔ چونکہ ایک خاص فرقے کے لوگ اس میں زیادہ تعداد میں تھے اس لئے حکومت اپنے کار نامے کے طور پر تعصب برتتے ھوئے ان لوگوں کو زندہ درگور کرنے کا پروگرام بنائی ھے وہ سمجھتی ھے کہ وہ اس میں کامیاب ہوگی ۔

گذشتہ مرتبہ لیبر منسٹر صاحب نے میرے ایک سوال کے جواب میں کہا تھا کہ اسپلائمنٹ اکسچینج (Employment Exchange) میں (۳۱) ہزار سے زیادہ سابق فوجیوں نے اپنے نام ملازمت کے لئے درج رجسٹر کرائے ہیں۔ اندازہ کیجئے کہ ہر شخص کے زیر پرورش اگر پانچ افراد خاندان ہیں تو اسکے معنی یہ ہوئے کہ ایک لاکھ افراد گویا بیروزگاری کا شکار ہیں - چیف منسٹر صاحب نے ایک سوال کے جواب میں کہا تھا کہ ان غیر ملکیوں کو حکومت ہٹانا نہیں چاہتی جو ہمارے بٹالینس میں کارگزار ہیں اور سابق فوجیوں کی ان جائدادوں پر لینے کے بارے میں نہ سوچا گیا ہے اور نہ سوچا جائیگا - اوس حکومت کا یہ حال ہے جو سیکیولیریزم (Secularism) کا دعوی کرتی ہے - انسان خود مصائب و تکالیف برداشت کرسکتا ہے خود آفتیں جھیل سکتا ہے - خود بھوکا رہ سکتا ہے لیکن اوس سے اپنے زیر پرورش افراد خاندان کی بھوک پیاس اور مصیبت دیکھی نہیں جاسکتی - جب وہ اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرتا ہے تو کسی نہ کسی طرح مجبور ہو جاتا ہے کہ انکا پیٹ پالے اور اس کے لئے کوئی نہ کوئی صورت نکالے - چوری اور ڈاکے کی جو وارداتیں آج ہو رہی ہیں اوسکی اصلی وجہ یہی بیروزگاری ہے - یہی نہیں بلکہ ان لوگوں کی گریچویٹی اور پنشنس کے بروقت تصفیہ نہ ہونے کی وجہ سے ان میں کے متعدد لوگ خودکشی کرچکے ہیں - میں ایسے لوگوں کی مثالیں دیسکتا ہوں - میجر لفٹننٹ پارک اور میجر طالب علی ایسے ہی لوگوں میں سے تھے جنہوں نے حالات سے مجبور ہوکر خودکشی کی حکومت ان سے واقف بھی ہے - اور آج انکے متعلقین دربدر پھر رہے ہیں۔

کوریا سے آئے ہوئے فوجیوں کی جب دعوت کی گئی تو اس وقت انکی دل بہلائی کے لئے فوج کے علحدہ شدہ سدیوں کا ناچ ہوا - وہ ناچ ہم نے بھی دیکھا - اسکے بعد ہم نے اون سے ربط قائم کیا اور کچھ معلوم کرنے کی کوشش کی تو معلوم ہوا کہ وہ بیچارے مختلف طریقوں سے روزگار حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں لیکن وہ ابتک ناکام رہے - وہ اور انکے متعلقین بھوک افلاس اور فاقہ کشی میں مبتلا ہیں لیکن حکومت ان مسائل کو حل کرنے کی کوشش نہیں کرتی - سابق فوجیوں کو انکے رہائشی امکنہ سے علحدہ کیا گیا - انکا زبردستی تخلیہ کرایا گیا محض اپنے نائل نگر کے اجلاس کی خاطر چیف منسٹر صاحب غیر ذمہ دارانہ طور پر باتیں کرنے کے عادی ہیں - غلط بیانی سے کام لیا گیا کہ وہ لوگ کرایہ ادا نہیں کررہے تھے - اگر اڈجرنمنٹ موشن جو پیش کیا گیا تھا اسکے سلسلہ میں کچھ کہنے کا موقع دیا جاتا تو اون لوگوں نے جو کرایہ ادا کیا ہے اسکے رسائد پیش کئے جاسکتے تھے - حکومت کی جانب سے چیف منسٹر صاحب نے یہ بتلایا کہ کسطرح انہوں نے غلط طریقے پر امداد دی ہے - انہوں نے کہا کہ عمو گوڑہ کی اسکیم میں ان فوجیوں کو بسانے کے لئے امداد دیگئی - لیکن میں کہونگا کہ اون چند خاص فوجیوں کو امداد دیگئی ہے جو اہل نہیں تھے - اسطرح یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ ان لوگوں کو امداد دیگئی لیکن وہ نا اہل ثابت ہوئے -

اگر آپ واقعی انکی امداد کرنا چاہتے ہیں تو انکو آرمڈ بٹالینس (Armed Battalions) میں کرنے کا موقع نہیں دیا جاتا ۔ چکومت تو یہ چاہتی ہے کہ غلط طریقے پر امداد دے اور یہ ثابت کرے کہ وہ نا اہل ہیں ۔ اسکے بعد میں منسٹرس اور ڈپٹی منسٹرس کے متعلق کچھ عرض کرونگا ۔ عوامی حکومت جب بنتی ہے اور عوام سے انکے نمائندے منتخب ہوکر آتے ہیں تو ظاہر ہے کہ وہ اڈمنسٹریشن سے نا واقف ہوتے ہیں ۔ عوام کی بھلائی کے لئے جو منصوبے انہوں نے بنائے تھے وہ ساٹھ سالہ منصوبے ویسٹ پیپر باسکٹ میں جاچکے تھے ۔ ان پر کوئی عمل نہیں کیا گیا ۔ اس سلسلہ میں خاص کام اگر حکومت نے کچھ کیا ہے تو وہ یہ کیا کہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو بیروزگار بنایا گیا ۔ اور اس پانچ سال کو غنیمت جان کر وہ زیادہ سے زیادہ دولتمند اور صاحب جائداد بننا چاہتے ہیں ۔ حکومت جب تشکیل دیجائے تو ملک کے عام حالات کو دیکھتے ہوئے حکومت تشکیل دیجانی چاہئے ۔ لیکن ہمارے چیف منسٹر صاحب جیسا کہ انہوں نے کہا کہ " میں اپنی چیف منسٹری باقی رکھنے کے لئے ہر چیز کو ذبح کر دونگا چاہے ملک کی بھلائی اس میں نہو " ۔ ملک کی بیروزگاری کا خیال نہ کرتے ہوئے انہوں نے پہلے تیرہ منسٹر منتخب کئے ۔ جب عوام میں ہلچل پیدا ہوئی اور عوام نے شور مچایا اور یہاں کوئی توجہ نہیں کی گئی تو سنٹرل گورنمنٹ کے توجہ دلانے پر تین وزراء ہٹائے گئے ۔ ناراض گروپ نے انہی مخالفت سے اسٹبیلیٹی (Stability) کو ختم کرنے کی ٹھانی . . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ آپ کونسے کٹ موشن پر بحث کر رہے ہیں ؟

شری سید حسن ۔ وزیروں سے متعلق جو کٹ موشن ہے اس پر بحث کر رہا ہوں ۔

چنانچہ نتیجہ یہ ہوا کہ اسٹیبیلیٹی کو دھکا پہنچا اور وہ صورت حال باقی نہیں رہ سکی ۔ اس میں ایک وزیر کا اضافہ کیا گیا اور آٹھ ڈپٹی منسٹرس قائم کئے گئے ۔ ڈپٹی منسٹروں کا تقرر عوام کی بھلائی کے لئے نہیں کیا گیا بلکہ ان ڈپٹی منسٹرس کا تقرر خود انکے اور انکے متعلقین کے لئے فائدہ مند ثابت ہوسکے گا ۔ انکو موٹر کار کا دیا جانا انکے تقرر کے شرائط میں نہیں تھا لیکن آج گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ کی موٹریں انکی سواری کے لئے ہیں ۔ وہ جب اپنے گاؤں کو جاتے ہیں تو ان ہی موٹروں میں جاتے ہیں ۔ بائی الکشنس میں اپنی پارٹی کی نمائندگی کرنے کے لئے جاتے ہیں تو سرکاری موٹروں میں سرکاری دورہ نکال کر جاتے ہیں ۔ صرف اون خاص مقامات پر جاتے ہیں جہاں پولنگ (Polling) اور ووٹنگ (Voting) ہونے والی ہوتی ہے ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر کس کی بھلائی کے لئے یہ آٹھ ڈپٹی منسٹرس رکھے گئے ہیں ۔ حکومت کے وزیروں نے جو اپنی تنخواہ رکھی ہے اوسکا مقابلہ سابقہ فیوڈل (Feudal) دور سے یا نظام کے دور سے کیا جانا چاہئے ۔ (۱۲۵۰) روپیہ تنخواہ لیتے ہیں اور پانچ سو روپیہ الاونس دیا جاتا ہے ۔ اسطرح حالی کیا جائے تو دیکھئے کتنی رقم ہوتی ہے ۔ ان

سب کی مجموعی مقدار نظام کے زمانے کے منسٹروں کی تنخواہ سے کسی طرح کم نہیں ہوگی - اسکے علاوہ اپنے کو ایک شاندار محل ریفریجریٹر اور اسی طرح کی جملہ آسائشوں سے آراستہ مہیا کیا گیا ہے اور موٹر کار بھی سواری کے لئے دی گئی ہے -

(The bell was rung)

میرے چار کٹ موشن ہیں انکے بارے میں مختصراً طور پر کہنا ضروری ہے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - جو ٹائم ہر آنریبل ممبر کے لئے مقرر کردیا گیا ہے اوس سے زیادہ نہیں دیا جاسکتا -

شری سید حسن - میں کوشش کرونگا کہ جلد ختم کردوں -

पडेगी और अिस चौखटे को तबदील करना पडेगा। अुसको आप बदलनेके लिये तैयार नहीं हैं और आपको भरोसा है कि वह टूटेगा नहीं लेकिन हमारा कहना है कि वह टूटेगा। आनेवाला जमाना बतलायेगा कि वह टूटता है या नहीं। ट्रावनकोर कोचीन में वह टूटा है। आपने कहा कि नहीं टूटा। फायनान्स मिनिस्टर, साहब ने कहा कि ट्रावनकोर की तरफ ही हम क्यों देखें, पेपसू की तरफ क्यों न देखें ? तो मै कहूंगा कि ट्रावनकोर कोचीन हमारे नजदीक है,और पेपसू बहुत दूर है। ट्रावनकोर कोचीन का ही असर हमारे अूपर जल्दी हो सकता है। अिन सब बातों का ख्याल करते हुअे हुकूमत को सोचना चाहिये और कामन मॅन का जो अनकामन बजट (Uncommon Budget) हमारे सामने रखा है, अुसमें जो अनकामन चीजें हैं, अुन तमाम को वह निकाल दें। तब आप कह सकते हैं कि हमने कॉमन मॅन का बजट बनाया। नहीं तो हम जिस तरह से कहते आये है कि यह बजट कलोनियल (Colonial) फ्यूडल, (Feudal) जमीनदारी या जो कुछ भी हो अुसको मै दोहराने की जरूरत नहीं समझता, अुसको आप अच्छीतरह से जानते है, हमको वह कहना ही पडेगा। हमें आशा है कि अिसी तरह की रिपीटीशन (Repetition) की वजह से आपके चौखटे में कभी न कभी फर्क हो जायगा, और अिसीलिये हम आपको बारबार तनकीद करते है। में अुम्मीद करता हूं कि जो चीजें मैने हाअुस के सामने रखी है, अुनपर हुकूमत सोचेगी।

*شری بی - رام کشن راؤ - مسٹر اسپیکر سر - میں سارے مباحث کا جواب دینے سے پہلے صرف دس منٹ میں عام ریمارکس (Remarks)کے طور پرجو چند باتیں کہی گئی ہیں ان کی نسبت عرض کرنا چاہتا ہوں - بقیہ باتوں کی نسبت کچھ کہنا غیر ضروری ہے - چند چیزوں کے بارے میں تھوڑی بہت گرمی دودنوں کے عرصہ میں پیدا ہوگئی - بجٹ کے ناموں کے بارے میں اور چوکھٹ کے سمبندھ میں بہت سی چیزیں کہی گئیں - اس لئے مجھے کچھ زیادہ کہنا نہیں ہے - میں صرف کٹ موشنس کی اصل چیزوں کا جواب دینا چاہتا ہوں - لیکن اس سے پہلے صرف اس قدر عرض کردینا چاہتا ہوں کہ عام طور پر کریٹیسزم کا اثر کس وقت ہوتا ہے اور اس کی نوعیت کیا ہونی چاہیئے تاکہ اس کا اپوزٹ پارٹی پر کچھ اچھا اثر مترتب ہو - میں جنرل طور سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں - بات یہ ہوتی ہے کہ بجٹ ہر سال پیش ہوتا ہے - ہر حکومت پیش کرتی ہے اور اپوزیشن اس پر ضرور کریٹیسائز کرتا ہے - لیکن کرٹیسیزم کا انداز اگر کنسٹرکٹیو (Constructive) ہو اور یہ معلوم ہو کہ جہاں کوئی اچھی چیز کی جاتی ہے تو اس کو رکگنائیز (Recognise) کیا جاتا ہے اور اس کے نقائص کا تذکرہ کرتے ہوئے دوسری چیزوں پر تنقید کی جاتی ہے تو اپوزٹ پارٹی کو یہ خیال رہتا ہے کہ ہماری طرف سے جو چیزیں ہوئی ہیں اگر ان کا اپریسی ایشن (Appreciation) نہیں کیا گیا تو کم از کم انہیں منشن (Mention) تو کیا گیا - جو خامیاں ہیں چاہے اس سے اتفاق ہو یا اختلاف انہوں نے اس کا ذکر اپنے انداز میں کیا - لہذا ہمیں اس سے متاثر ہونے کی ضرورت نہیں - لیکن میں کہتا رہا ہوں اور اب بھی میرا یہی خیال ہے کہ بجٹ پر کریٹیسیزم کرنے کا جو طریقہ آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن نے

گذشتہ تین سال سے (یہ تیسرا بجٹ ہے اس لئے میں عرض کررہا ہوں) اختیار کیا ہے وہ کچھ اسید افزا نہیں ہے - وہ طریقہ اس قسم کا ہے کہ وہ اپوزٹ پارٹی (میں اپنے آپ کو ان کے مقابلہ میں اپوزٹ پارٹی کہتا ہوں) پر کوئی اچھا اثر مترتب کرنے والا نہیں ہے - اگر کریٹسیزم دوسرے طریقے سے کیا جاتا تو اس کی جو قدر و قیمت ہوسکتی تھی وہ قدر و قیمت ہمارے دلوں میں اور کم از کم میرے دل میں نہیں پائی جاتی - میں مجبور ہوں - میں اس لئے اس کو نہیں پاتا ہوں کیونکہ میں یہ دیکھتا ہوں کہ جس بات پر جس حد تک کہنا چاہیئے اس کی کوشش نہیں کی جاتی - بلکہ جاو بیجا - موقع و بے موقع کہا جاتا ہے اور جب کوئی اچھی چیز بھی ہوتی ہے تو اس کو رکگنائز (Recognise) نہ کرتے ہوئے حد سے متجاوز ہوکر کریٹیسیزم کیا جاتا ہے- یہ سائیکلا جیکل فیاکٹر (Psychological factor) ہے کہ اس کی قدر و قیمت اپوزٹ پارٹی کے دل میں گھٹ جاتی ہے - اور اس قسم کی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے جیسے فرض کیجئے کہ اوپیم انجکشن (Opium injection) ہمیشہ دیا جاتا رہے تو آدمی جس طرح اس کے اثرات سے امیون (Immune) ہوجاتا ہے اسی طرح ٹریژری بنچز میں بھی اپوزیشن کے کریٹسیزم کے سے ایک امیونٹی (Immunity) پیدا ہوجاتی ہے- اور ان کا کریٹیسیزم جائز بھی ہو تو اس کا جو کچھ اثر ہونا چاہیئے نہیں ہوتا - اسی طرح جیسے کہ اچھے کاز (Cause) کو بھی کوئی وکیل بری اڈوو کیسی (Advocacy) سے ہارنے پر مجبور ہوتا ہے - اچھا کریٹسیزم دوسرے طریقہ سے پیش ہوتو اس پر سوچا جاسکتا ہے - لیکن اگر وہ اس طرح کا ہو تو سو چنے کا کوئی موقع فراہم نہیں کرتا یا اس پر سوچنے کی رغبت پیدا نہیں ہوسکتی - یہ ایک سائیکلاجیکل چیز ہے جسکو میں عرض کرنا چاہتا تھا - میرا مشورہ اب بھی یہی رہیگا کہ ڈائرکٹ پائینٹس (Direct points) اور کٹ موشن پر کرٹیسیزم کی بجائے اگر کرٹیسیزم اسکیاٹرڈ (Scattered) ہو اور ہر چیز کرٹیسائز کی جائے یا کرٹیسیزم کی بنیاد محض آئیڈیولاجیکل ڈفرنسس (Ideological differences) پر ہو ، جو شائد قیامت تک رہینگے تو زیادہ تر اسکا اثر زائل ہوجاتا ہے - میں اسقدر عرض کردینا چاہتا ہوں - اس سے بڑھکر کچھ عرض کرنا نہیں چاہتا -

اب رہیں اصل چیزیں - انکی حد تک ابھی ابھی آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے جن پائینٹس پر بحث کرتے ہوئے اسی "چوکھٹ" اور کامن میان کاز (Common man Cause) کو دہرایا میں سمجھتا ہوں کہ وہ انکا فرض تھا - کیونکہ کامن میان کون ہے اسکا بجٹ کسطرح رہ سکتا ہے- یہ ان کامن بجٹ (Uncommon Budget) ہے یا کامن بجٹ ہے اس سلسلے میں جو مباحث ہوسکتے ہیں وہ صرف تصوراتی مباحث ہیں - ان میں کوئی ٹھوس چیز نہیں ہے- چوکھٹ کو بدلنا ہے تو بدلینگے - ہم سمجھتے ہیں کہ بدلیگا - آپ سمجھتے ہیں نہیں بدلیگا - آپ مجبور ہونگے - ایک دوسرے پر اس قسم کی آوازیں کسنا یا چیلنجس (Challenges) دینا اس سے کوئی فائدہ نہیں ہے -

دنیا کا جو کھٹ بدل رہا ہے اور کیسے بدل رہا ہے اس کے بارے میں. کوئی نہیں
کہہ سکتا - جیسے میرے آنریبل دوست کہہ رہے ہیں ویسے بدلیگا یا دوسرے طریقے پر بدلنے
والا ہے ، اسکی پیشینگوئی کرنا مشکل ہے - بعض لوگوں کا آدرش رہا ہے اور ایک آبسیشن
(Obsession) رہتا ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو تو غریبوں کی بہبودی
کا آبسیشن رہتا ہے - میں بھی اسی کا دعویدار ہوں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ میرا آبسیشن
صحیح ہے یا آپکا صحیح ہے - یا دونوں کا صحیح ہے - اسکی اصلاح کرنے کے راستے جو
کچھ بھی ہوں آپ کے الگ ہیں اور ہمارے الگ ہیں - یہ ہو سکتا ہے - لیکن اگر ہمارے
مقابلہ میں دیکھا جائے اور کوئی بھی نش پکش پاتی (निःपक्षपाती). یعنی غیرجانبدارانہ
نقطہ نظر سے دیکھیگا تو یہی کہیگا کہ کمیونسٹ آئیڈیالوجی (Communist
ideology) ڈاگ میٹک (Dogmatic) ہے اور وہی صحیح معنوں میں
آبسیشن کہی جاسکتی ہے - لیکن جو دوسرے ڈیموکریٹک پارٹیز ہیں ان کے خیالات
فیناٹک (Fanatic) یا ڈاگ میٹک نہیں ہوتے - وہ وقت کے لحاظ سے چینج
(Change) ہوتےہیں - اور دیش - کال - اور پاتر (. पात्र) کے انوسار
(अनुसार) ان میں ریلیگزیشن (Relaxation) کی صلاحیت موجود ہے -
ہر معنوں میں اپوزیشن کے آبسیشن کے صحیح ہونے کا دعوی کرنا اور ہر گھڑی چین
کی مثال دینا ٹھیک نہیں ہے - کیونکہ چین ہندوستان نہیں ہے - اور ہندوستان رشیا نہیں ہے . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—और हिंदुस्तान अिंग्लैंड भी नहीं है।

شری بی - رام کشن راؤ - ہندوستان انگلینڈ نہیں ہے امریکہ بھی نہیں ہے - ہندوستان
ہندوستان ہے - اس کے خلاف ماننے والے آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں اور انکے دوست :
آپ ہندوستان کو چین بنانا چاہتے ہیں میں کہتا ہوں کہ ہندوستان ہندوستان ہی رہیگا
یہی بنیادی فرق ہے جسکی وجہ تمام بنیادی خیالات پیدا ہوتے ہیں اور ان پر زیادہ بحث
کرنا بے سود ہے - اب میں ٹھوس چیزوں کی طرف چلتا ہوں جنکے بارے میں مجھے جواب
دینا ہے - میں ڈیمانڈ وائیز (Demand-wise) تو بحث نہیں کرتا - صرف
کٹ موشنس کے تعلق سے امپارٹنٹ چیزوں کی تفصیل بیان کرکے اپنی تقریر ختم کرنا چاہتا
ہوں -

دو آنریبل ممبرس نے ابالیشن اینڈ ورکنگ آف اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی
(Abolition and working of State Scholarship Committee)
کے بارے میں کٹ موشنس پیش کئے ہیں - وہ .. اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی کو
ابالش کرنے کی رائے رکھتے ہیں اور اس کی ورکنگ کے بارے میں بحث
کرنے کیلئے کٹ موشنس پیش کئے ہیں - میں اسکے بارے میں صرف چند اعداد بتادینا
چاہتا ہوں - میں سمجھتا ہوں آنریبل ممبرس کو سب سے پہلے یہ غلط فہمی ہوئی ہے
کہ اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی ایک سپریٹ انسٹی ٹیوشن (Separate Institution)
کی حیثیت سے اب بھی قائم ہے اور اس پر بہت سا روپیہ صرف کیا جارہا ہے - یہ خود بنیادی...

غلطی ہے - اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی کے نام سے کمیٹی ہے لیکن وہ کس طریقہ سے ہے اس کی تفصیل بتانے کی ضرورت ہے - اسی موقع پر آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کے ایک اعتراض کا جواب دیدینا چاہتا ہوں - انہوں نے بجٹ کے بارےمیں کہا کہ بعض مرتبہ اوسمیں صرف لمپسم (Lump sum) دیدیجاتی ہے اور اسکی کافی تفصیلات نہونیکی وجہ سے غلط فہمی کا اندیشہ ہوتا ہے - میں اس کرٹیسیزم میں جو اصلیت ہے اسکو سویکار کرتا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ اکثر دوسرے اسٹیٹس کے بجٹ میں اس قسم کی لمپسم بھی دیجاتی ہے - لیکن اگر اس کی زیادہ تفصیلات بتلائی جائیں تو گورنمنٹ کیلئے بھی یہ امر باعث سہولت ہوگا - میں فینانس ڈپارٹمنٹ اور فینانس منسٹر سے درخواست کرونگا کہ نکسٹ بجٹ (Next Budget) کے وقت اسپر غور کریں اور بجائے اسکے کہ ڈفرنٹ ہڈس (Different heads) کیلئے لمپسم رکھی جائے اور یہ امید کی جائے کہ آنریبل ممبرس آف دی لیجسلیچر ہرمد سے متعلقہ رقم خود معلوم کرلینگے تو یہ غلطی ہے - تفصیلات سے آسانی ہوگی اور غلط فہمیوں میں اضافہ نہوگا - اس حد تک میں انکے سجیشن کو سویکار کرتا ہوں - اس تعلق سے اسکالرشپ کمیٹی کے متعلق اتنا ہی کہنا ہے کہ اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی سنہ ۱۹۴۵ع میں طلباء کو سائینس انجنیرنگ وغیرہ کی اونچی تعلیم کیلئے باہر بھیجنے کیلئے مقرر ہوئی تھی - جو اسکالرشپس دیتی تھی - دوسرے یہ کہ گورنمنٹ کے اسپلائز (Employees) کو ڈیپوٹیشن (Deputation) پرھائیر ٹریننگ (Higher training) کیلئے بھیجتی تھی - سنہ ۱۹۴۵ع سے ۱۹۵۰ع تک کل ۱۶۱ لوگوں کو باہر بھیجا گیا - (کیونکہ ۵۰ع کے بعد کوئی فارین اسکالرشپ (Foreign Scholarship) گورنمنٹ نے نہیں دیا) چھ سال تک یہاں سے جو اسکالرس فارین بھیجے گئے انکی تعداد (۱۶۱) ہے - ان میں سے یو-کے (U. K.) کو ۷۸ اور یو-ایس-اے کو ۸۳ اسکالرس بھیجے گئے- ان میں سے ۶۰ اسکالرس اعلی تعلیم حاصل کرکے واپس آئے اور گورنمنٹ سرویسز میں ابزارب (Absorb) کئے گئے - انہیں نوکریاں بھی ملچکی ہیں - اسیطرح جن سرکاری ملازمین کو اونچی تعلیم حاصل کرنے کیلئے ڈیپوٹیشن پر بھیجا گیا انکی تعداد ۶ سال میں (۱۰۰) ہے - ان میں ۶۹ یو-کے - بھیجے گئے اور ۳۱ یو-یس-اے بھیجے گئے - یہ تمام لوگ ڈیپوٹیشن پر جاکر اپنے اپنے شعبوں کی اونچی ٹریننگ حاصل کرکےواپس آئے اور اپنی اپنی سرویسز پر قائم ہیں اور کام کررہے ہیں - ملک کی خدمت کررہے ہیں - اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی پولس ایکشن کے بعد موقوف کردیگئی - اور اب ایک اڈوائیزری کمیٹی قائم ہے جو گورنمنٹ کو اس معاملہ میں مشورہ دیتی ہے کہ اب تک جو اسکالرس باہر ہیں انہیں کسطرح ابزارب کیا جائے - بعد میں چلکر اس کا کیا سٹ اپ (Set up) مقرر ہوگا معلوم نہیں - کوئی فارین اسکالرشپ ۱۹۵۰ع کے بعد نہیں دیا گیا - صرف ایشیاٹک اسکالرشپس (Asiatic Scholarships) انڈیا میں اونچی تعلیم حاصل کرنے کیلئے دیئے جاتے ہیں - چنانچہ ۱۹۵۲-۱۹۵۳ع میں ٹیکنیکل تعلیم حاصل کرنے اور ریسرچ کرنے کیلئے ۲۰ اسکالرشپس سیانکشن (Sanction) کئے گئے - اور اس سال بھی موزوں کینڈیڈیٹس بھیجے جانے والے ہیں - یہ ٹیکنیکل اور

ٹیکنولاجیکل اسکالرشپس (Technological Scholarships) بھارت میں جوانسٹی ٹیوشنس ہیں وھاں اونچی ٹریننگ حاصل کرنے کیلئے دئے گئے ہیں - باہر کیلئے نہیں دئے جاتے ہیں - ان اسکالرشپس کے علاوہ دوسرے چھوٹے موٹے اسکالرشپس بھی ہمارے پاس دئے جاتے ہیں - مادر دکن فنڈ ہے جس سے مڈل اسکول اور پرائمری اسکول کے لڑکوں کو چھوٹے اسکالرشپس دئے جاتے ہیں - یو - ین - او اسکالرشپس اور فارین افیرس اسکالرشپس (Foreign Affairs Scholarships) جو دئے جاتے ہیں ان کے لئے لوگوں کو طلب کرنے کا کام ہوتا ہے - اس اسٹیٹ اسکالرشپ کمیٹی کا ایک آفس ہے - اور اسکو اسکالرشپس اینڈ اسٹیاٹسٹکس برانچ آف دی ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ Scholarship and Statistics Branch of the Education Department کہتے ہیں - اس کی وجہ سے اسکا نام بجٹ میں رکھا ہوا ہے - آج کل چونکہ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ میں یہ کام چل رہا ہے اسلئے اسکالرشپس اینڈ اسٹیاٹسٹکس برانچ آف دی ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ قائم ہے - اسکا تعلق نیشنل کیڈٹ کور (National Cadet core) ایجوکیشنل اسٹیاٹسٹکس، سالانہ اور کوارٹرلی اڈمنسٹریٹیو رپورٹس (Quarterly Administrative Reports) کا جمع کرنا اور چیف انسپکٹر آف آفیسس گورنمنٹ ایجوکیشنل اداروں کے بارے میں جو سجھاؤ دیتے ہیں ان پر غور کر کے تدابیر اختیار کرنا وغیرہ جیسے کام اس برانچ کے سپرد کئے گئے ہیں - اسطرح ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے جز اڈمنسٹریٹیو کام ہیں وہ اس برانچ کے سپرد ہیں - ملٹری اور نیول انسٹیٹیوشنس (Naval institutions) کی جانب سے جو اسکالرشپس گرانٹ ہوتے ہیں ان کے لئے امیدواروں کو فراہم کرنا ہوتا ہے - یہ سب کام اس برانچ کے سپرد ہیں - اس قسم کا جو اڈیشنل ورک پرمیننٹ نیچر (Permanent-nature) کا ہے اور جو ہمیشہ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ میں ہونے والا ہے اس کے لئے یہ اسپیشل برانچ الگ قائم ہے اور میں یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ دوسرے اسٹیٹوں میں بھی اس قسم کی برانچ موجود ہے اور یہ جو نیوکلس (Nucleus) مرکز ہے وہ الگ ہے - پریزنٹ اسٹاف اور اسٹابلشمنٹ کو املگمیٹ (Amalgmate) کر کے اس میں بڑی حد تک کمی کرنے کے بعد یہ علحدہ برانچ رکھی گئی ہے - اسکالر شپ کمیٹی کا کوئی سپریٹ آفس نہیں ہے - وہ پہلے ہی ختم ہوچکا ہے - پہلے کا جو زائد اسٹاف تھا اسکو ریڈیوس کر کے ۲۳ کی بجائے ۱۳ کیا گیا ہے اور اوسے ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے جنرل کیڈر (General cadre) میں ضم کر کے یہ سپریٹ نام ختم کیا ہے - اس وجہ سے جو اعتراضات اسکالرشپ کمیٹی کے سلسلہ میں ہوسکتے تھے ویسی کوئی چیز باقی نہیں ہے - اور در اصل جسطرح آنریبل ممبرس اعتراض کرتے ہیں کہ یہ پرانے فیوڈل ریلکس (Feudal relics) ہیں وغیرہ وہ اسکالر شپ کمیٹی کے بارے میں عائد نہیں ہوسکتے - اسکی نوعیت پوری بدلی ہوئی ہے - جو شکایات ہم سنتے ہوئے آئے ہیں وہ ہمارے کانوں میں گونج رہے ہیں اس وجہ سے وہ پرانی بات یہاں دہرائی گئی ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—जिसके लिये अेक अलग असिस्टंट सेक्रेटरी रखने की क्या जरूरत है ? क्या डिपार्टमेंट के जो सेक्रेटरीज़ हैं अुनसे यह काम नहीं हो सकता ?

شری بی - رام کشن راؤ - ایک اسسٹنٹ سکریٹری کو یہ خاص کام سپرد کیا گیا ہے کیونکہ یہ خود کافی کام ہے - اسکا اگر یہ مطلب ہے کہ ڈپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ سکریٹریز زیادہ ہیں تو یہ کچھ اور مطلب ہے - لیکن ایسا نہیں ہے بلکہ دو اسسٹنٹ سکریٹریز یا ڈپٹی سکریٹری کو کام سپرد کیا گیا ہے - اسکے علاوہ اور بھی کام انکو دیا گیا ہے - جیسا کہ میں نے پہلے بتلایا انکے پاس کافی کام ہے اور دوسرا بھی کام آتا ہے تو ان کے سپرد کیاجاتا ہے - یہ ایک انتظامی چیز ہے - یہ میں عرض کرنا چاھتا تھا -

سپلائی ڈپارٹمنٹ میں جو فینانشیل اڈوائزر - راشنگ آفیسرس وغیرہ موجود ہیں اس سلسلہ میں کٹ موشن پیش ہوا ہے - میں اس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاھتا ہونکہ سپلائی ڈپارٹمنٹ خود رٹرنچ (Retrench) ہو رہا ہے اور اس رٹرنچمنٹ کے سلسلہ میں حکومت نے یہ طے کیا ہے کہ ۲۰ پرسنٹ اسٹاف - یعنی پہلے جو خرچہ تھا اسکا ۲۰ فیصد یعنی (۱/۵) حصہ ایک نیوکلس (Nucleus) کے طریقہ پر یہاں رہنا ضروری ہے - اسکا اندازہ اچھی طرح چھان بین کرنے کے بعد کیا گیا ہے اور حکومت پر یہ واضح ہوا ہے کہ پورا رٹرنچمنٹ ہونے کے بعد بھی نیوکلس اسٹاف کم از کم ۲۰ پرسنٹ رکھنے کی سخت ضرورت ہے - اس ۲۰ پرسنٹ کے لحاظ سے ھی فینانشیل اڈوائزر کے آفس میں اسٹاف رکھا گیا ہے - کسی نئی چیز کی وجہ سے فینانشل اڈوائزر کا آفس موجود نہیں ہے - سپلائی ڈپارٹمنٹ میں جس طرح ۲۰ پرسنٹ اسٹاف رکھا گیا ہے ویسے ھی فینانشیل اڈوائزر کے آفس میں بھی رکھا گیا ہے - چنانچہ میں اس سلسلہ میں آپکو چند فیگرس دینا چاھتا ہوں - کنٹرول آف فوڈ گرینس (Control of food grains) جب شروع ہوا اور سپلائی ڈپارٹمنٹ وجود میں آیا اس وقت فینانشیل اڈوائزر کا یہ محکمہ اسکے ساتھ اٹاچ (Attach) کیا گیا تھا تاکہ اسکا کروڑوں روپیوں کا جو معاملہ ہوتا تھا اس میں سپلائی ڈپارٹمنٹ کو اڈوائس (Advice) کرے - اوس وقت ایک بہت بڑا اسٹاف دیا گیا تھا - اوس وقت ایچ - سی - سی بھی تھا - اوسے ۱۲ تا ۱۵ کروڑ کا معاملہ کرنا پڑتا تھا - اس وجہ سے فینانشیل اڈوائزر کی ضرورت تھی اسلئے وہ آفس رکھا گیا تھا - کنٹرولس نکالدینے کے بعد اب جو پوزیشن ہے وہ یہ ہے کہ پہلے وھاں نو سو تا پندرہ سو کا ایک آفیسر اور چار سو تا آٹھ سو کے تین گزیٹیڈ آفیسرس تھے لیکن اب ان میں سے دو گزیٹیڈ آفیسرس ھیں جنکے گریڈس (۷۰۰ تا ۱۰۰۰) اور (۳۰۰ تا ۸۰۰) ھیں اسی طرح نان گزیٹیڈ اسٹاف میں (۵) سپرنٹنڈنٹس تھے انکی تعداد تین کی گئی ہے - سکنڈ گریڈ ۱۲ تھے اب ۲ ھیں - اسٹینوز ۱۶ تھے اب ۳ ھیں - ۱۶ پیونس تھے اب ۵ ھیں - اسطرح سے بہت سے لوگوں کی تخفیف کی گئی ہے اور جو کاسٹ آف اسٹابلشمنٹ یکم مارچ سنہ ۱۹۵۲ع کو ڈی کنٹرول سے پہلے تھا وہ ۱ لاکھ ۳۸ ھزار تھا اور اس وقت ۴۸ ھزار پر آچکا ہے - یعنی اسٹابلشمنٹ کے اخراجات میں ۹۰ ھزار روپیوں کی کمی ہوئی ہے -

اکونٹنٹ جنرل اینڈ سپلائی اکونٹس وغیرہ کا پہلے جو اکسپنڈ یچرھوتا تھا وہ ۲ لاکھ تھا - اب صرف ۴۸ ھزار کا ہے - سینیر ڈپٹی سکریٹری کا جو پوسٹ تین سال

سے تھا وہ اب نہیں ہے - پہلے سینیر عہدہ داروں میں ڈپٹی سکریٹری جوائنٹ سکریٹری ، اگزامنر سپلائی اکونٹس - اور فینانشیل اڈوائزر تھے - اب انکی ضرورت معلوم نہیں ہوئی اسلئے انہیں نہیں رکھا گیا - اب اس سلسلہ میں ڈپٹی سکریٹری سپلائی اکونٹس نہ صرف سپلائی اکاؤنٹس کا کام کرتے ہیں بلکہ سپلائی ڈپارٹمنٹ کا جو کام رہ گیا ہے وہ بھی کرتے ہیں - یہ کہا گیا کہ ایک اسسٹنٹ سکریٹری سے کام چلاسکتے ہیں - لیکن ڈپارٹمنٹل ضروریات اور حسابات وغیرہ کے سلسلہ میں جو فینانشیل سائیڈ (Financial side) ہے اسکا بھی کام کرنا ضروری ہے - اس وقت حکومت مجبور ہے اور اس میں فردر رٹرنچمنٹ (Further retrenchment) کرنے کی گنجائش نہیں ہے - جب سینیر پوسٹ کے ابزاربشن کا سوال آئیگا اس وقت اس سلسلہ میں حکومت کو جو کچھ اقدام کرنا ہے کریگی - سپلائی فینانس کا جو نیوکلس اسٹاف موجود ہے اس میں مزید کمی ہونے والی ہے لیکن موجودہ صورت میں مزید کمی کرنے کی گنجائش نہیں ہے کیونکہ ہم نے پہلے ہی کمی کردی ہے -

اس سلسلہ میں میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہونکہ کم از کم فینانشیل نقطہ نظر سے سپلائی ڈپارٹمنت کی ورکنگ کا سوال یہاں آیا - اسبارے میں میں یہ بتلادینا چاہتا ہوں کہ سپلائی ڈپارٹمنٹ میں جو بڑا ڈراسٹک رٹچرنچمنٹ (Drastic retrenchment) ہورہا ہے اسکی حقیقی مالی بچت (ایکچویل اکنامک سیونگ) کیا ہوگی اسکا اندازہ پورے اسپلیمنٹیشن (Implementation) کے بعد ہوگا - اور جب آئندہ سال هاؤز کے سامنے یہ پورے فیگرس پیش ہونگے تو مجھے یقین ہے کہ ہاؤز اس سے مطمئن ہوگا - جو اکانمی اس میں عمل میں لائی گئی ہے وہ ایسی ہے جس کی وجہ سے اکسپنڈیچر میں کافی سیونگ ہونے والی ہے - اب میں نہیں سمجھتا کہ سپلائی کے سلسلہ میں اور کوئی ایسی خاص بات کہی گئی ہے جسکا مجھے جواب دینا ضروری ہے . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—सप्लाय पब्लिसिटी सेक्शन पर १८ हजार रुपये खर्च हो रहे हैं। क्या जिनफरमेशन डिपार्टमेंट यह काम नहीं कर सकता है ?

شری بی - رام کشن راؤ - سپلائی پبلیسٹی سکشن کو اس وجہ سے انفرمیشن ڈپارٹمنٹ میں ضم کیا گیا ہے کہ وہاں رورل پبلیسٹی کا ایک نیا سکشن کھولا جارہا ہے - اس کے لئے جو اندازہ لگایا گیا ہے اسکے لحاظ سے کوئی ۹۸ ہزار یا ایک لاکھ کے اسٹابلشمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے - بجائے اسکے کہ سپلائی پبلیسٹی سکشن کے اسٹاف کو رٹرنچ کیا جائے اور پھر یہاں نئے اسٹاف کا رکروٹمنٹ (Recruitment) ہو یہ مناسب سمجھا گیا کہ جو پبلیسٹی سکشن آل ریڈی (Already) موجود ہے اسکو یہاں ضم کرکے یہ کام لیا جائے تاکہ وہاں پر بھی جو خرچہ آنے والا ہے وہ کم ہو جائے - چنانچہ اس طریقہ پر اس انڈرسٹانڈنگ کے تحت فینانس نے بھی اپنے اوریجنل ڈیمانڈ میں کمی کرکے اسکی اجازت دی ہے کہ اس اسٹاف کو وہاں لیا جائے اور ان لوگوں سے رورل پبلیسٹی کا کام یا فائیو ایر پلان کی پبلیسٹی کا کام یا جو بھی پبلیسٹی کا کام

لیا جانے والا ہو وہ ان ہی سے لیا جائے - یہ طے ہوا ہے - میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ انفرمیشن ڈپارٹمنٹ کا موجودہ اسٹاف یہ اڈیشنل (Additional) کام نہیں کرسکتا - اس سلسلہ میں جب میں کہونگا تو تفصیلات عرض کرونگا -

اب اسکے بعد دوسرا ڈیمانڈجس کے لئے کٹ موشنس دئے گئے ہیں وہ ریلوے کے سیلونس (Saloons) اور سائیڈنگس (Sidings) کے بارے میں ہے - میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر ایک ایسی چھوٹی چیز کو چھوڑ دیتے تو اچھا ہوتا لیکن انہوں نے اسکو مناسب سمجھکر کہا لہذا مجھے بھی اسکا جواب دینا لازم آ جاتا ہے - بات یہ ہے کہ اس ڈیمانڈ کے تحت ۲۰ ہزار روپیہ کا پراویژن مانگا گیا ہے - لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ ۲۰ ہزار خرچ ہونے والے نہیں ہیں - جو سیلونس تھے وہ تمام بیچ دئے گئے ہیں - دو سیلونس رکھے گئے ہیں ایک میٹر گیج (Metre gauge) پر اور ایک براڈ گیج (Broad gauge) پر - یہ دو سیلونس ہیں جنکو کسی وقت ضرورت ہوگی تو استعمال کیا جائیگا - بات یہ ہے کہ بعض اوقات کسی جگہ جانا پڑتا ہے - ایک دو مرتبہ فینانس منسٹر - پی - ڈبلیو - ڈی منسٹر، ریوینیو منسٹر اور چیف منسٹر کو تنگبھدرا جانے کا اتفاق ہوا تو انکا جو فرسٹ کلاس ٹراولنگ الونس ہوتا تھا اسکے مقابلہ میں یقیناً سیلون سستا پڑتا تھا - زیادہ آرام سے بھی جاسکتے ہیں - تو ایسے مواقع کے لئے یہ دو سیلونس رکھے گئے ہیں - اور ان دو سیلونس کے بارے میں اگر آنریبل ممبرس ذرا کھوج کرینگے تو معلوم ہوگا کہ گذشتہ دو سال میں وہ استعمال نہیں ہوئے ہیں - ممکن ہے کہ ایک آدھ بار استعمال کیا گیا ہو - مجھے یاد نہیں پڑتا لیکن میں جانتا ہوں کہ تین چار منسٹرس بھی گئے ہیں تو انہوں نے اسکو استعمال نہیں کیا - اپنی سیٹس ریزرو کر کے گئے ہیں - دو سیلونس جو رکھ لئے گئے ہیں انکے مینٹیننس چارجس وغیرہ بھی ہیں - لیکن دوسری چیز جسکے بارے میں آنریبل ممبرس کو غلط فہمی ہورہی ہے وہ ریلوے سائیڈنگس (Railway sidings) کے بارے میں ہے - نامپلی ریلوے اسٹیشن کے پاس جو سائیڈنگس ہیں اسکے مینٹیننس کے اخراجات گورنمنٹ نہیں برداشت کرتی بلکہ نظام برداشت کرتے ہیں - صرف ایک ریلوے سائیڈنگ گلبرگہ اسٹیشن پر ہے اور جسے پچاس سال پیشتر گورنمنٹ نے اپنے خرچہ سے بنایا تھا - اس سائڈنگ کے سلسلہ میں گورنمنٹ کو تھوڑے بہت اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں - جب بن ہی گیا ہے تو اسے مینٹین کرنا لازمی ہے - اس سے کس طریقہ سے سبکدوشی حاصل ہوسکتی ہے اسپر کچھ طے کرنے اور غور کرنے کے لئے میں تیار ہوں - لیکن جو ۲۰ ہزار کا پراویژن ہے وہ پورا اسپر خرچ ہونے والا نہیں ہے - ایسی چھوٹی چھوٹی چیزوں پر آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کٹ موشنس ہی نہ لائیں تو یہ انکے شایان شان ہوگا اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ انکی شان کے خلاف ہے کہ ایسی چیزوں پر توجہ کریں -

اب دوسری اور چیزوں کی طرف چلئے - یہ کہا گیا کہ اڈمنسٹریشن کا ٹاپ ہیوی اکسپنڈیچر ہے - اڈمنسٹریشن پر یہ سب سے بڑا اعتراض ہے اور اسکا جواب دینا

ضروری بھی ہے - آنریبل لیڈر آف دی اپوزیسن نے بھی اپنی آخری اسپیچ میں اس پر بہت زور دیا - کہا گیا کہ دیکھئے چین میں کیا ہرتا ہے - غلہ لیکر منسٹر کام کرتے ہیں - کپڑا لیکر کوٹ بنالینے ہیں انہوں نے چین کی بہت سی سالیں دیں - میں نہیں جانتا - میں چین کے بارے میں زیادہ پڑھا نہیں ہوں - سنا بھی نہیں ہوں - مجھ سے غلطی ہوئی - حال میں چین کے ایباسدر (Ambassador) یہاں آئے تھے - ان سے پوچھنے کا موقع نہیں ملا - ممکن ہے یہ صحیح ہو اس واسطے کہ . . . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—पंडित सुंदरलाल और कुमारप्पा की किताबें हैं, उसकाजो मैंनें हवाला दिया है।

شری بی - رام کشن راؤ - اسکا حوالہ دیا گیا ہے میں اوسے پڑھونگا - کمارپا کی کتاب کا ایک دوسرے آنریبل نے بھی حوالہ دیا ہے - ہوسکتا ہے چین میں ایسا ہو لیکن میں سمجھتا ہونکہ دنیا میں چین ایک ہی ملک ہے جہاں پر انقلاب ہوا اگر اسکو انقلاب کہاجاسکتا ہے - اس انقلاب کی تقلید دنیا کے اور ملک کرسکتے ہیں یا نہیں کرسکتے میں اسکے متعلق رائے زنی نہیں کرنا چاہتا - ہوسکتا ہے جب چوکھٹ بدلے گا ، جسکا آنریبل لیڈر آف دی اپوزشن کو یقین ہے تو اس وقت یہ ہوسکے گا - اب ہندوستان کا چوکھٹ بدلا ہوا نہیں ہے - وہ پرانا چوکھٹ ہی ہے - اس میں رنگ سازی کرکے لال رنگ کو پیلا کردیا گیا ہے - جب چوکھٹ بدلے گا تو جوار لیکر یا غلہ لیکر یا کیا لیکر منسٹری کرینگے میں نہیں جانتا - آنریبل لیدر آف دی اپوزیشن اور انکے دوستوں کی باری آئیگی تو ایسا ہوگا کم از کم دوسرے لوگوں کے ذمہ جب یہ کام ہے تو ایسی توقع کرنا بہت ہی غلط بات ہوگی اور انہوں نے خود ہی فرمایا کہ ہم آپ سے اکسپکٹ (Expect) بھی نہیں کرتے - آپ نے جو کچھ کہا ہم نے بھی سن لیا - جو کچھ ہونے والا ہے وہ ہوگا - لیکن جنرل سوال کی نسبت میں اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں - آنریبل ممبر فرام کلواکرتی نے بھی اعتراض کیا گیا کہ انہوں نے یہ کہا - لیکن صرف انہوں نے ہی یہ نہیں کہا - کئی ممبروں نے بھی کہا - کئی لوگوں نے کہا - رپورٹوں میں بھی درج ہے - باوجود اس کے کہ برٹش سسٹم آف بیورو کریسی (British System of Bureaucracy) میں جو آئی - سی - یس کا اسٹیل فریم ہے اوس میں کچھ نقائص تھے لیکن اس کے باوجود ہر شخص نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اوس میں گن (गुण) اور اوگن (अगुण) دونوں بھی تھے - میں نے بھی " ہریجن " پڑھا ہے - اوس میں گاندھی جی نے اون کے گنوں اور اوگنوں دونوں کو بتلایا ہے - میں اوسکو برابر کوٹ (Quote) کرسکتا ہوں اور آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کو کنونس (Convince) کرسکتا ہوں - میں چاہتا ہونکہ ہمارے دوست آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن - گاندھی جی کے طریقہ کا کرٹیسیزم اختیار کریں - اورگن اور اوگن دونوں پیش کیا کریں . . . . .

[illegible] :—आप जिस दिन करेंगे, और कराची का रेजोल्यूशन मानेंगे, तब हम

شری بی - رام کشن راؤ - میں نے پہلے بھی کہا ہے اور اب بھی یہی کہتا ہوں -
واقعہ یہ ہے نہ انڈیا کی جو سیول سرویس ہے وہ برٹش ٹریڈیشنس (British traditions)
لئے ہوئے ضرور ہے - یہ بھی ہوسکتا ہے کہ برٹش ٹریڈیشنس میں جو اوگن
تھے اور جن کی تفصیل گاندھی جی نے بتلائی ہے اون میں سے کچھ اوگن اون کے پاس
ابھی رہ گئے ہوں - انہیں کمپلیٹلی (Completely) شیک آف (Shake off)
نہیں کیا گیا - اسکو میں تسلیم کرتا ہوں - میں نے سیول سرونٹس کے سامنے اور کلکٹر
کانفرنس میں اور دوسری جگہوں پر علانیہ کہا - اور اس کو تسلیم کیا ہوں - لیکن کس
حدتک - اس حدتک کہ کچھ اوگن برٹش اسٹیل فریم کے اون میں رہ گئے ہیں - لیکن
اس کا مطلب یہ نہیں کہ جو گن تھے وہ باقی نہیں رہے - اب رہی یہ بات کہ ہمارے
سکرٹریز (۲۲۵۰) روپیے تنخواہ کیوں لیتے ہیں - (۲۵۰) کیوں نہیں لیتے ؟ یہ تو پورے
سماج کا ڈھانچہ اور ہمارے دوست آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن کے الفاظ میں پوری
چوکھٹ کو بدلنے کا معاملہ ہے - آج سارے ہندوستان میں جو چوکھٹ موجود ہے -
غلط ہو یا صحیح - بری ہو یا اچھی - ان ڈفرنٹ (Indifferent) طور پر اسکو
آپ جیسا بھی سمجھیں اوس میں جتنی تبدیلیاں ہم کرسکتے تھے کر رہے ہیں -
اور وہ چوکھٹ ایسی ہے کہ اسمبلی میں زبانی طور پر کہنے سے یا اوسکے بارے میں ادھر
اودھر کی باتیں کرنے سے بدلنے والی نہیں - کسی ملک کی سماجی یا سیاسی چوکھٹ
اگر بدلنا ہوتو وہ محض باتوں سے نہیں بدلے گی - اوس کا ہسٹاریکل بیک گراؤنڈ
(Historical background) تاریخی پس منظر ہوتا ہے- اوس کا ایک فیوچر (Future)
ہوتا ہے - اوسکا پراسپکٹ (Prospect) اور ری ٹراسپکٹ ایولیوشن
(Retrospect evolution) ہوتا ہے - محض بولنے سے یا میٹھی میٹھی چکنی
چپڑی باتوں سے وہ بدلنے والی نہیں - اگر پورے ہندوستان کی سماجی حالت بدلنا ہوتو
اوسکے دو الگ الگ اور متضاد طریقے ہوسکتے ہیں یا تو جیسا کہ آنریبل لیڈر آف دی
اپوزیشن نے کہا دو کامن میان (Common man) ہیں - اون دونوں کو
ملاکر ایک بنانے کی کوشش ہوسکتی ہے - یا یہ ہوسکتا ہے کہ ایک کیٹیگوری
(Category) کے کامن میان کو یعنی آفیسرس کو جن کی تعداد آپ نے (۳۶۲)
بتلائی اور کہا کہ اون پر ۲۳ لاکھ روپیے خرچ ہورہے ہیں اس میں کمی کرسکتے ہیں -
آفیسرس پر زیادہ خرچ ہورہا ہے اور سب آرڈینیٹس پر کم خرچ ہورہا ہے - ہاں ہورہا ہے -
ساری دنیا میں یہی ہورہا ہے جب ساری دنیا کی چوکھٹ بدلے گی تو ہندوستان کی
بھی چوکھٹ بدلے گی - حیدرآباد کی بھی چوکھٹ بدلے گی - آج کے سماج کی چوکھٹ
میں یہ چیز ہے - میں تو تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا - اس کے لئے وقت زیادہ لگے گا -
لیکن یہ بتاسکتا ہوں کہ رشیا اور دوسرے کانٹی نینٹل (Continental) دیشوں
میں جہاں ہمارے سے نرالی چوکھٹ ہے اور جو ہمارے دوستوں کو پسند ہے وہاں
بھی یہ ڈفرنسس آف ایمولیومنٹس (Differences of emoluments) موجود ہیں -
جو اچھے دماغ ہیں ، اچھا کام کرتے ہیں اون کو ایمولیومنٹس (Emoluments)

زیادہ دیتے ھیں ۔ جو کم درجے کا کام کرتے ھیں اونہیں کم دیا جاتا ھے ۔ بدقسمتی سے انسان کے ٹیلنٹ (Talent) میں ، انٹلیجنس (Intelligence) میں بدھی میں اوسکی شکتی میں فرق رھا ھے ۔ اس قسم کی ان اکوالیٹی (Inequality) فطرتاً اوس میں موجود ھے ۔ یہ چیز ساری دنیا میں ھے ۔ اور اگر کوئی یہ دعوی کرتا ھے کہ کہیں پر ایسا نہیں ھے تو وہ غلط ھے ۔ کہیں کم ھے اور کہیں زیادہ کہیں پر اس ان اکوالیٹی کو کم کرنے کی کوشش کی گئی کہیں پر کچھ زیادہ کرنے کی کوشش کی گئی ۔ یہ کہا جاسکتا ھے کہ تنخواہ کم کرنے کے بارے میں کچھ گنجائش موجود ھے ۔ اس پر حکومت غور کر رھی ھے ۔ آج کل اکسپینڈیچر بڑھنے کا زمانہ ھے ۔ مہنگائی کا زمانہ ھے ۔ جہاں دوسرے کنٹکسٹ (Context) میں ھمارے دوست مانتے ھیں کہ مہنگائی اتنی ھے ۔ یہ ھے اور وہ ھے ۔ وھاں اس سلسلہ میں بھی کیوں نہیں مانتے ؟ کیا آپ یہ چاھتے ھیں کہ اس کیٹیگوری کے کامن مین کے اسٹانڈرڈ آف لیوِنگ (Standard of living) کو گھٹا کر نیچے لایا جائے ۔ یا اون کے اسٹینڈر آف لیوینگ کو اوپر لیجایا جائے ۔ یہ ایک ڈائلیما (Dilemma) ھے جس سے ھم گزر رھے ھیں ۔ اس کے متعلق اختلاف رائے ھوسکتا ھے ۔ بعض لوگ یہ سمجھتے ھیں کہ جن لوگوں کا اسٹینڈرڈ گرا ھوا ھے ۔ اوس کو اوپر والوں کا اسٹینڈرڈ نیچے لائے بغیر اونچا کیا جاسکتا ھے ۔ بعض لوگ یہ سمجھتے ھیں کہ اوپر والوں کا اسٹینڈرڈ نیچے لائے بغیر نیچے والوں کا اسٹینڈرڈ اونچا کرنا ناممکن ھے ۔ اس سلسلہ میں کئی کمپروسائزنگ (Compromising) طریقے ھوسکتے ھیں جن پر غور کیا جاسکتا ھے ۔ لیکن اس کے متعلق ابسلیوٹ کرٹیسزم (Absolute criticism) سے فائدہ نہیں ۔ چونکہ جواب دینا ھے اس لئے میں اتنا بتانا چاھتا ھوں کہ ٹاپ ھیوی اکسپنڈیچر کو کم کرنے کے لئے ھم نے کئی کوششیں کیں ۔ اس کے پہلے ایک سوال کے جواب میں یا کسی اور موقع پر مین نے یہ کہا تھا کہ گوروالا کمیٹی نے اپنی سفارشات میں مختلف مدات کے تحت تین کروڑ کم کرنے کی گنجائش بتلائی تھی ۔ اون سفارشات پر ھم نے قریب قریب عمل کیا اور دو کروڑ کی حدتک ھم نے اکانمی کی ۔ لیکن ایک کروڑ کی حدتک ھم اکانمی نہیں کرسکے ۔ کیونکہ اس کے کچھ زبردست وجوہ موجود ھیں کسی کمیٹی کے لئے محض سوچ کر ایک راستہ نکالنا یا اس کے لئے کوئی اوپائے (उपाय) سجھانا آسان ھے ۔ لیکن جب اون کا امپلیمنٹیشن گورنمنٹ کرتی ھے تو اوس میں پریکٹیکل ڈیفیکلٹیز (Practical difficulties) پیدا ھوتے ھیں ۔ ان ھی پریکٹیکل ڈیفیکلٹیز کی وجہ سے ھم ایک کروڑ کی حد تک اکانمی نہیں کرسکے ۔ یہ بات بالکل صاف ھے ۔

سکرٹریز وغیرہ پر جو تنقیدیں کی گئیں اوس سلسلہ میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ (۲) لاکھ (۳۰) ھزار تک جو سیونگس ھوئی ھیں وہ حال حال میں کی گئی ھیں ۔ چیف انسپکٹر آف آفسس نے اچھی طرح سے انسپکشن کرکے جو سفارشات ھمارے پاس [illegible]

پیش کیں اون کے پیش نظر کچھ تبدیلیاں کی گئیں - جسکی وجہ سے رٹرنچمنٹ عمل میں لایا گیا اور رف اسٹیمیٹ (Rough estimate) کے بموجب (۲) لاکھ (۳۰) ہزار کی سیونگ ہوئی - یہ نتیجہ ھے ڈائرکٹلی اون سفارشات کا جو چیف انسپکٹر آف آفیسس نے کئے ھیں - اس کے علاوہ گوروالا کمیٹی کی سفارشات پر عمل کرنے کی وجہ سے جو نتیجہ برآمد ہوا ھے اوسکے متعلق میں نے ابھی بتایا ھے کہ ھم نے دو کروڑ کی سیونگ کی - اس سلسلہ میں کم از کم یہ بتادینا چاھتا ہوں کہ ....

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—आप के बजट में तीन लाखका अिजाफा है।

شری بی - رام کشن راؤ - اس کا جواب میں ابھی دے دوں تو اچھا ھے - یہ واقعہ ھے کہ تین لاکھ کا اوور آل (Over all) اضافہ ہوا ھے - ایک طرف تو دو کروڑ کی کمی ہوئی - اور دوسری طرف کچھ اضافہ ہوا - جہاں رٹرنچ کرنے کی ضرورت تھی وھاں رٹرنچ کیا گیا اور جہاں بلڈاپ (Build up) کرنے کی ضرورت تھی بلڈاپ کیا گیا - کیونکہ گورنمنٹ کی مشنیری میں یا کسی اور کانسٹی ٹیوشن میں ایک نیچرل پاور آف گروتھ (Natural power of growth) رھتی ھے - کوئی نیشن بلڈنگ ڈپارٹمنٹ ہویا نیشن بلڈنگ ڈپارٹمنٹ نہ سہی کوئی اور ڈپارٹمنٹ ہو - اوس میں ڈیولپمنٹ کی ایک انہرنٹ کیپیسٹی (Inherent capacity) رھتی ھے - اور وہ بڑھتی جاتی ھے - گھٹتی نہیں - آج ھمارا کام وسترت ہو رھا ھے - وہ بڑھتا جا رھا ھے- ہر سال ۶۰ - ۷۰ - ۸۰ لاکھ روپیے نیشن بلڈنگ ورک کے نیو آئٹمس (New items) کے لئے اضافہ کئے جارھے ھیں - اس کے لئے اوسی تناسب سے نئے اسٹیبلشمنٹ کی بھی ضرورت ہوتی ھے اور اوس میں اضافہ ہوتا ھے - میں یہ سوال ھاؤز سے پوچھنا چاھتا ہوں کہ گورنمنٹ کا کام بڑھ رھا ھے یا کم ہو رھا ھے ؟ اکانمی تو ھم ضرور کر رھے ھیں لیکن کام بڑھ رھا ھے یا نہیں - آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کہتے ھیں کہ کلیان کاری اسٹیٹ بنانا چاھئے - ولفیر اسٹیٹ بنانا چاھئے - لیکن ولفیر اسٹیٹ کی تشکیل کے لئے ھمارا کام کتنا بڑھتا جاتا ھے اوسکا اندازہ بھی آنریبل ممبرس کو ہونا چاھئے اور ھے - میں یہ نہیں مانتا کہ اون کو اس کا اندازہ نہیں ھے - لیکن اس کے باوجود اس کو اگنور (Ignore) کرکے کریٹیسزم کرنا چاھتے ھیں اس وجہ سے اون کو نظر نہیں آتا - جب اون کو نظر نہیں آتا تو دکھانے کی قوت کم از کم مجھ میں نہیں - دراصل اوس انہرنٹ کیپیسٹی آف گروتھ کی وجہ سے اضافہ ہوتا جا رھا ھے اور ہونا لازمی ھے - گورنمنٹ نے کوئی نئے ٹیکسس نہیں لگائے یہ کہا گیا - اکانمی کی گئی ھے تو خرچہ میں کیسے اضافہ ہو رھا ھے ؟ لیکن خرچ میں اضافہ ہونے کے باوجود بھی اکانمی کرنے کی وجہ سے ھم یہ بجٹ آپ کے سامنے پیش کر رھے ھیں - کیا ھم نے کوئی نئے ٹیکسس لگائے ھیں ؟ نہیں لگائے ھیں - پھر نئے ٹیکسس لگائے بغیر پرانے اسٹیبلشمنٹ کو ویسا کا ویسے ھی رکھتے ہوئے نئے اسٹیبلشمنٹ کو کس طرح کوئی حکومت مقرر کرسکتی ھے - ایک طرف اکانمی ہو رھی ھے - رٹرنچمنٹ ہو رھا ھے اور دوسری طرف ڈیولپمنٹ ہو رھا ھے -

یہ دونوں چیزیں سائیڈ بائی سائیڈ (Side by side) ھیں - ڈسٹرکشن (Destruction) اورکنسٹرکشن (Construction) دنیا میں ساتھ ساتھ چلتا رھتا ھے - ھر اڈیشن (Addition) کا سب ٹریکشن (Subtraction) دنیا میں ساتھ ساتھ چلتا رھتا ھے - یہ میتھیمیٹکس (Mathematics) کا بنیادی رول ھے - اس کا جواب تو یہ ھوا -

اس طرح کی چند چیزیں اور بھی کہی گئی ھیں - میں اس کا جواب یہ دینا چاھتا ھوں کہ ممکن ھے کہ ایک زمانہ ایسا بھی یہاں آجائے جیسا کہ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن اور اون کے دوستوں کا خیال ھے کہ ھمارے یہاں عام طور پر گورنمنٹ سرونٹس کی تنخواھیں کم ھو جائیں - لیکن ھم نے بھی تھوڑا بہت کم کیا ھے - آئی - اے - ایس آفیسرس کے سلسلہ میں فگزیشن آف پے (Fixation of pay) کا سوال آیا تھا تو ھم نے اوس وقت پہلے کے مقابلہ میں کم تنخواہ رکھی - البتہ جن لوگوں کو پہلے سے ایسی تنخواھیں مل رھی تھیں اون کو کم نہیں کیا - کیونکہ کسی کو اپنے محصلہ حقوق سے محروم نہیں کیا جاسکتا - اس وجہ سے جو لوگ (۲۲۵۰) روپیے یا بڑی بڑی تنخواہ پا رھے تھے اون کو ھم نے مستثنیٰ کیا ھے - باقی فیوچر سرویسس کے لئے ھم نے تنخواھیں کم رکھی ھیں - آئی - اے - ایس کے جونیر آفیسروں کے لئے ابتدائی تنخواہ بجائے تین سو کے (۲۵۰) مقرر کی گئی اون کے اوپر کے گریڈ کو بھی ھم نے کم کیا اسی طرح سینیر آئی - اے - ایس آفیسرس کا گریڈ جو (۸۰۰ تا ۱۸۰۰) تھا وہ (۹۰۰ تا ۱۵۰۰) کردیا گیا - اس طرح نئے آنے والوں کو (۲۲۵۰) روپیہ تنخواہ نہیں ملے گی - چیف سکرٹری کی تنخواہ کے متعلق ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ اون کو (۲۲۵۰) روپیہ تنخواہ کے علاوہ اسپیشل پے (Special pay) (۱۳۲۵۰) روپیہ بھی ملتی ھے- ھماری بدقسمتی سے وہ فیگر مس پرنٹ (Misprint) ھوگیا ھے - (۱۳۲۵۰) غلط چھپ گیا - وہ فیگر در اصل (۳۲۵۰) روپیہ ھے - وہ اونکی اسپیشل تنخواہ ھے - اونکی اصل تنخواہ (۲۲۵۰) روپیہ ھے جسطرح کہ ھمارے دوسرے سکرٹریز کو ملتی ھے - یہ بھی کہا گیا کہ وہ ایک اچھے آدمی ھیں لیکن مقامی لوگوں کو کیوں موقع نہیں دیا گیا - یہ متضاد آرگیومنٹ ھاؤز میں کئی مرتبہ پیش کیا گیا - میں اس کا جواب دینا نہیں چاھتا لیکن یہ کہدینا چاھتا ھوں کہ اس قسم کے رسپانسیبل پوسٹ (Responsible post) کے لئے جیسا کہ چیف سکرٹری کا ھوتا ھے اس امر کی سخت ضرورت تھی کہ ایک ایسا آدمی اس پوسٹ پر لیا جائے جو دوسری جگہ خود بھی اسٹرکٹ ڈسپلن (Strict discipline) میں رہ کر کام کیا ھو اور دوسروں پر اسٹرکٹ ڈسپلن عائد کرنے کی صلاحیت رکھتا ھو - میں ھمارے یہاں کے عہدہ داروں کی لیاقت پر حرف نہیں لارھا ھوں وہ اچھے اور لائق لوگ ھیں - اچھی اچھی معلومات رکھتے ھیں - انہوں نے پرانے زمانے میں بھی افیشنسی دکھائی اور اب بھی دکھا رھے ھیں - لیکن اوس طرف کے آنریبل ممبرس ....

Shri V. D. Deshpande : Is this not self-contradictory ?

Shri B. Ramkrishna Rao : Self-contradictory arguments are the arguments of the Members of the other side. They want the Government to be efficient and perfect-so efficient that it must top the list of other Governments and at the same time they do not want a single man from outside to be brought who could introduce certain fresh methods and a different outlook. That is the contradiction inherent in the criticism of the Members of the Opposition. My arguments are not self-contradictory.

جیسا کہ میں نے ابھی کہا اس کی کوشش کی جا رہی ہے کہ سرویسس کو ری آرگنائز کیا جائے - اور یہاں کے رولس میں اسٹرکٹنس (Strictness) پیدا کی جائے - سرویس ریگولیشنس بنائے جا رہے ہیں - اس کے لئے بھی ایک کٹ موشن لایا گیا ہے - میں یہ کہونگا کہ یہ کوئی آسان کام نہیں ہے - کام ہو رہا ہے - اس کے لئے ایک چھوٹا سا اسپیشل اسٹاف بھی جی - اے - ڈی میں رکھا گیا ہے - پارٹ بی اینڈ پارٹ اے اسٹیٹس (Part B and Part A States) سے بھی مواد طلب کر کے اسپر غور کیا جا رہا ہے کہ اس میں کوئی نقص تو نہیں ہے - ان تمام چیزوں کو دیکھکر نئے پروپوزلس (Proposals) بنائے جا رہے ہیں - پانچ ڈپارٹمنٹس کے بارے میں اسکا عمل ہوچکا ہے - اس مہینے کے آخر میں ہلتھ ڈپارٹمنٹ (Health Departmeent) کے رولس آنے والے ہیں - یہ کوئی ایسا کام نہیں ہے کہ زبان سے کہتے ہی ہو جائے - یہ ایسی چیزیں ہیں کہ انہیں نئے اوٹ لک (Outlook) کے تحت دیکھنا پڑتا ہے اور باہر کے لوگوں کو لاکر کام لینے سے یہ چیزیں حاصل ہوسکتی ہیں- یہی درشٹی (दृष्टि) ہے - ملکی پٹیریوٹیزم (Mulki Patriotism) میں میں کسی آنریبل ممبر سے کم نہیں ہوں - میں پہلے سے اس میں حصہ لیتا آرہا ہوں - باہر سے جوآفیسرس ڈیپوٹیشن (Deputation) پر آئے تھے اون میں سے جنکی مجھے ضرورت محسوس نہیں ہوئی اونکو بھیجدیا گیا ہے - اسٹیٹ کے آفیسرس کی افیشنسی کو بڑھا کر ان میں تھوڑا بہت جو نقص ہے اسکو دور کرتے ہوئے ہم ان ہی سے کام لینے کی کوشش کر رہے ہیں - مجھے اس بات کے اعلان میں خوشی محسوس ہوتی ہے کہ ہمارے عہدہ دار ریسپانسیو (Responsive) ہیں اور ٹھیک طور پر کام کررہے ہیں - میں محسوس کرتا ہوں کہ پچھلے حالات کے لحاظ سے اب خوشگوار تبدیلی پیدا ہوگئی ہے اور گراجولی (Gradually) تبدیلی ہو رہی ہے - لیکن یہ خیال کہ فوری تبدیلی ہو جائے ، اوورنائیٹ (Overnight) تبدیلی ہو جائے اس قسم کا شعبدہ میرے ہاتھ میں نہیں ہے - ایسی شکتی (शक्ति) مجھ میں نہیں ہے البتہ گراجول ریولیوشن (Gradual revolution) ہو رہا ہے -

کسی خاص جگہ کے لئے کسی خاص کام کے لئے بھارت سے کسی عہدہدار کے لینے کی ضرورت ہوتو ہمیں پیچھے ہٹنا نہیں چاہئے ۔

ریٹرنچمنٹ (Retrenchment) کے سلسلہ میں دو تین مثالیں میں گنا سکتا ہوں ۔ چیف آرکیٹکٹ (Chief architect) جنکو بڑی تنخواہ دیجاتی تھی انکو ہٹا دیا گیا ہے ۔ الکٹریکل اڈوائیز ٹاؤن پلاننگ آفیسر اور چیف آرکٹکٹ کے آفیسس کو ریٹرنچ کردیا گیا ہے اور انکے اسٹاف کو ابزارب کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ یہ ایسے معاملات نہیں ہیں کہ بس چھری ہاتھ میں لیکرکاٹتے جائیں اور ختم کردیں کیونکہ جو لوگ تخفیف میں آئینگے انکو ابزارب کرنے کا سوال بھی پیدا ہوتا ہے اور یہ چیز خاص طور پر پیش نظر ہے ۔ ان حالات کے تحت میں کہونگا کہ محض ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن کہدینا درست نہیں ہے ۔ اسبارے میں فیگرس بتائے گئے ہیں لیکن میں کہونگا کہ وہ (Illusory) ہیں ۔ میری پارٹی کے بتائے ہوئے فیگرس (Illusory) نہیں ہیں بلکہ اوس طرف کے بتائے ہوئے فیگرس (Illusory) ہیں ۔ جو پیسہ نیشن بلڈنگ ڈپارٹمنٹس سے بچتا ہے وہ سب کا سب ان پر خرچ نہیں ہوتا ۔ اسٹابلشمنٹ (Establishment) پرکتنا خرچ ہوتا ہے اسکے فیگرس فینانس منسٹر نے بتائے ہیں ۔ پنشنس (Pensions) کو چھوڑکر (۱۹) پرسنٹ اسٹابلشمنٹ پر خرچ ہوتا ہے ۔ پنشنری کنٹریبوشن (Pensionary contribution) پر زیادہ خرچ ہوتا ہے ۔ بہت سے لوگوں کو ریٹائیر (Retire) کرنے کی وجہ سے پنشنرس کی تعداد زیادہ ہوگئی ہے ۔ اسطرح انکو شامل کر کے (۳۶) پرسنٹ خرچہ ہوتا ہے ۔ اگر اسکو الگ کردیں تو حقیقی خرچہ ریوینیو کا ۱۹ پرسنٹ ہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ چوکھٹ میں یہ فیگر کوئی برا فیگر نہیں ہے ۔ میرے پاس دوسرے اسٹیٹوں کے فیگرس بھی موجود ہیں لیکن آپکو تو وھاں کے فیگرس پر بھی اعتراض ہے ۔ سارے ہندوستان کی چوکھٹ پر جنکو اعتراض ہو انکو اسکا حوالہ دونگا تو انکے لئے یہ کوئی قوی دلیل نہوگی ۔ ھاں دوسرے لوگوں کو جو اس سے مطمئن ہونے پر مائل ہوں بتاسکتا ہوں ۔ مگر اتنا اطمینان دلانا چاھتا ہوں کہ ھارے چوکھٹ میں ھارے فیگرس قابل اطمینان ہیں اور ان سے مجھے شرمندہ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے ۔ مجھے اطمینان ہے کہ حیدرآباد گورنمنٹ کا جو خرچہ ہورھا ہے وہ زیادہ نہیں ہے ۔ ممکن ہے کہ ایک دو اسٹیٹس کے مقابلہ میں ھارے پاس چند پوسٹس اونچے درجے کے ہوں ۔ مگر سکریٹریز اور ممبر آف دی ریوینیو بورڈ کو عام طور پر یونیفارملی (Uniformally) آئی ۔ اے ۔ ایس کیڈر (I.A.S. Cadre) میں جو تنخواہ سارے ہندوستان میں دیجاتی ہے وھی یہاں بھی لاگو کیجارھی ہے اسلئے میں کہونگا کہ اس سلسلہ میں ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن کے متعلق جو اعتراضات کئے گئے ہیں وہ کچھ زیادہ وقیع اعتراضات نہیں کہے جاسکتے اسلئے میں انکے جواب کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔

جی ۔ اے ۔ ڈی (G. A. D.) کی ورکنگ (Working) کے سلسلہ میں جنرللی (Generally) بہت کچھ کہا گیا ہے ۔ ڈیمانڈ نمبر ۱۴ بہت

بڑا ڈیمانڈ ہے (۶۸) لاکھ کا ڈیمانڈ ہے اور اڈمنسٹریشن کی پوری مشنری (Machinery) پر مشتمل ہے اسلئے جنرللی اس ڈیمانڈ پر بہت سی باتیں کہی جاسکتی ہیں - میں کن کن اعتراضات کا جواب دوں اور کن کا نہ دوں . . . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—आप अिसके लिये अलग अलग डिमांडज् बनाकर क्यों नहीं पेश करते ? हमें अिससे बहुत तकलीफ होती है । ६८ लाख यहां बताये गये हैं, अुसमें सेक्रेटरी हैं, और मिनिस्टर्स हैं । अिस वजह से जितना हमको तवज्जेह देनी चाहिये वह हम नही दे सकते, और अेव्हरेज भी नहीं निकाल सकते । ये अितनी बडी डिमांड बनाअी गअी है कि अिसमे हिस्सों पर अलग अलग डिसकशन नहीं कर सकते, और अटेन्शान (Attention) भी नहीं दे सकते । कम से कम अिसका ख्याल अगले वक्त रखा जाय तो मुनासिब होगा।

شری بی - رام کشن راؤ - ڈیمانڈس پر ڈپارٹمنٹ وائیز (Department-wise) یا منسٹر وائیز (Minister-wise) بحث کر کے منظوری لینے کا طریقہ دوسری اسمبلیز میں رائج ہے - اس سلسلہ میں جو تفصیلات چاھی جارھی ھیں وہ بجٹ میں موجود ھیں - پورے ۶۸ لاکھ کی تفصیلات بجٹ میں موجود ھیں - اگر مزید تفصیلات کی ضرورت ھوتو میں ضرور بتلانے کی کوشش کرونگا - لیکن ساتھ ساتھ ورکنگ کے بارے میں بہت ساری باتیں کہی گئی ھیں - کرپشن (Corruption) کا ذکر کیا گیا ہے - یہ بھی پوچھا گیا ہے کہ ڈپارٹمنٹل رولس (Departmental Rules) بنانے میں کیوں دیر ھورھی ہے - منسٹرس کی موٹر کارس کے بارے میں بھی اعتراض کیا گیا ہے - اگر میں ان تمام باتوں کا جواب دوں تو اسکےلئے بہت زیادہ وقت صرف ھوگا اسلئے میں اسکی ضرورت نہیں سمجھتا - جوھے وہ ہے - کرپشن کے بارے میں بعض آنریبل ممبرس نے کہا کہ یہ ٹاپ - سے شروع ھوا ہے- لیکن میں یہ کہونگا کہ کرپشن صرف سبارڈینیٹ آفیسس (Subordinate offices) میں ہے - یہ بالکل غلط ہے - کرپشن کہاں نہیں ہے ؟ سب جگہ ہے - اس ھاؤز میں کرپشن ہے - جو آنریبل ممبرس کرپشن کی شکایت فرماتے ھیں ان میں خود کرپشن ہے اسلئے سوائے اسکے کوئی اور چیز آنریبل ممبرس کو نظر نہیں آئیگی - وہ ایک مایہ ھوگا - وہ مایہ (माया) ایسا ہے کہ . . .

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—और अुसमें आप पुरूष हैं।

شری بی - رام کشن راؤ - ھاں وہ پرکرتی (प्रकृति) ہے تو ھم پورش (पुरूष) ھیں - اصل میں آنکھ پر جو پردہ پڑا ھوا ہے یہ اس مایہ کا پردہ ہے - میں سنسیرلی (Sincerely) پوچھتا ھوں - میں ایسی ھی باتوں پر اپنے فیلنگس (Feelings) پر کنٹرول نہیں کرسکتا - میں دیکھتا ھوں کہ بالکل آبویس ٹرتھ (Obvious truth) کو ریکگنائیز (Recognise) نہیں کیا جاتا - ایسی، بات کہی جاتی ہے جسکو سنکر کسی انسان کو بھی غصہ آجائے - چاھے کوئی شخص کیوں، نہ ہوتا ھو- چاھے اس ایوان کے آنریبل ممبرس ھی کیوں نہوں جب مجھ سے کہتے ھیں کہ،

حیدرآباد اسٹیٹ کے اڈمنسٹریشن میں نیچے سے اوپر تک سارے کے سارے دفاتر کرپشن سے بھرے ہوئے ھیں ۔ اگر وہ صرف یہ کہتے کہ سبارڈینیٹ آفیسس میں کرپشن ھے تو خیر میں ایک حد تک اعتراف کرلیتا لیکن یہ کہا جاتا ھے کہ اوپر سے نیچے تک کرپشن ھے اور اوپر کے درجے کے لوگ بھی کرپٹ (Corrupt) ھیں ۔ اگر یہ کہا جاتا کہ کسی حد تک کرپشن ھے تو مجھے غصہ نہ آتا لیکن کچھ اس انداز سے اس اسمبلی میں ذمہ داری کو محسوس نہ کر کے ریپریزنٹیٹیوز آف دی پیوپل (Representatives of the people) جو ڈیموکریسی کے دعوایدار بھی ھیں کہتے جارھے ھیں ۔ حالانکہ جو تبدیلی ملک میں پیدا ھوئی ھے اسکے وہ ذمہ دار ھیں اور دیدہ دلیری کے ساتھ کہتے ھیں کہ ملک میں کرپشن بڑھا ھوا ھے ۔ میں اس آرگیومنٹ (Argument) کا جواب دینے کی ضرورت نہیں سمجھتا جو اس انداز سے پیش کیا جائے جسکا جواب ھی نہیں ۔ اگر لیمٹ (Limit) کے اندر کرٹیسیزم ھو بے موقع نہ ھو ، با موقع ھو اور ریزنیبل (Reasonable) ھو تو اسکا جواب بھی دیا جاسکتا ھے ۔ جو کرٹیسیزم بے موقع اور ان ریزنیبل (Unreasonable) ھو اسکا بہترین جواب سکوت ھے ۔ میں کہاں یہ کہتا ھوں کہ حیدرآباد اسٹیٹ میں بالکل کرپشن نہیں ۔ میں کب اس کا دعویدار رھا ھوں کہ حیدرآباد اسٹیٹ میں کرپشن کا شائبہ نہیں ھے ۔ کوئی گورنمنٹ اسکا دعوی نہیں کرسکتی ۔ میں چیالنج (Challenge) دیتا ھوں کہ کوئی آنریبل ممبر اپوزیشن کے ھوں یا اس طرف کے مجھے بتائیں کہ دنیا میں کوئی ایسا اسٹیٹ ھے جسکے اڈمنسٹریشن میں کرپشن کی شکایت نہیں ھے ۔ کہیں بھی اسمبلیز (Assemblies) اور پارلیمنٹس (Parliament) میں شکایت ھوتی ھے تو لمٹس (Limits) کے اندر ھوتی ھے ۔ لمٹ سے متجاوز ھو کر نہیں ھوتی ۔ محض کیچڑ اچھالنے کی خاطر اسمبلی میں باتیں نہیں کیجاتیں ۔ میں کم سے کم یہ توقع رکھتا ھوں کہ جب کرپشن کے بارے میں کرٹیسیزم ھوتا ھے یا کسی ایک بڑے مسئلہ پر کرٹیسیزم ھوتا ھے جس سے کسی قوم کے مارلس (Morals) ، کسی قوم کے اتھیکل ایٹیٹیوڈ (Ethical attitude) یا اوٹ لک (Outlook) پر اثر پڑنے والا ھے تو بہت احتیاط سے بات کرنی چاھئے ۔ ذمہ داری سے بات کرنی چاھئے ۔ غیر ذمہ داری سے بات کرنا اس امر کی دلیل ھے کہ وہ اس ھاؤس میں بیٹھکر ذمہ داری سے سوچنے کیلئے نہیں آئے ھیں پبلک گیلری کو کیٹر (Cater) کرنے کیلئے تقریر کرنے کی دھن میں تقریر کررھے ھیں ۔

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—देहली में जो तहकिकात हुवे वह तो गॅलरी के लिये नहीं हुवे थे ?

شری بی - رام کشن راؤ - دھلی کی تحقیقات کا نتیجہ وہ نہیں ھے جو اس طرف کے آنریبل ممبرس نے بتایا ۔ دھلی کی تحقیقات پر حکومت ہند اور اسٹیٹ کی حکومتیں غور کررھی ھیں ۔ ھمارے ھاں بھی کمیٹی مقرر ھوئی ھے تا کہ غور کرے کہ ان سفارشات پر کسطرح عمل کیا جاسکتا ھے ۔ جو عمل ھوسکتا ھے وہ ھوگا ۔ لیکن کرپشن کو اسٹیٹ سے یا دنیا سے نکالدینا یہ اسوقت تک نہوگا جب تک کہ انسانوں کا مارل کہیں کچھ

(Moral Character) بلند نہوگا۔ تھوڑا بہت کرپشن ھوتا رھتا ھے ۔ اسکے یہ معنی نہیں کہ میں اس سے منفق ھوں ۔ میں کرپشن کے وجود کو جسٹی فائی (Justify) نہیں کررھا ھوں ۔ میں خود یہ چاھتا ھوں کہ آپ لوگوں کو اس بارے میں کم سے کم کہنے کا موقع دوں ۔ لیکن یہ ایک چیز ھے جسکو اوور نائیٹ (Overnight) شعبدہ بازی کے ذریعہ حل نہیں کیا جاسکتا ۔ رڈ ٹیپیزم (Red tapism) کے سلسلہ میں بھی کہا گیا ۔ میں مختصر طور پر کہتا ھوں ۔ انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ کے متعلق بھی کہا گیا ۔ میں بتانا چاھتا ھوں کہ انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ میں پہلے (۱۸,۸۳,۱۹۰) روپیے کا بجٹ تھا ۔ اکتوبر سنہ ۱۹۵۰ء میں جب اسکی شکل بدل دیگئی تو اس میں قریب قریب دس لاکھ کی کمی کیگئی ۔ اب اسکے اسٹابلشمنٹ پر جوخرچہ ھوگا وہ (۲,۹۷,۴۰۰) روپیے ھے ۔ اسکے علاوہ انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ وھی کام کرتا ھے جسکو آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن نے سجھایا ھے ۔ انہوں نے کیا کہا ؟ انہوں نے یہی کہا کہ مندروں اور درگاھوں کے متولیان پرماتما یا دیول کے نام پر روپیے حاصل کرتے ھیں اور ان کا مس یوز (Misuse) کرتے ھیں ۔ وغیرہ ۔ وغیرہ ۔ انکو روکنے کیلئے انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ کام کرتا ھے ۔ ایسے مقامات پر جہاں کوئی شکایت ھوتی ھے انتظامی کمیٹیاں مقرر کیجاتی ھیں ۔ اس میں نان آفیشیلس بھی مقرر کئے جاتے ھیں ۔ ان کمیٹیز کی نگرانی میں آج بمقابل پہلے کے بہت اچھا انتظام ھورھا ھے ۔ اگر آنریبل ممبرس چاھتے ھیں تو جاکر دیکھیں اور بتائیں کہ کہاں نقص ھے تاکہ ڈپارٹمنٹ توجہ کرسکے ۔ اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہنا چاھتا ھوں کہ آج انڈومنٹ ڈپارٹمنٹ کی یہ صورت ھے کہ دراصل وہ آج خود مکتفی ھے ۔ سلف سفیشنٹ (Self-sufficient) ھے ۔ اس میں اسٹیابلشمنٹ یا کسی دوسری غرض کیلئے کوئی زائد خرچہ نہیں کیا جارھا ھے ۔ اسلئے کہ ۲ لاکھ ۹۷ ہزار یا ۳ لاکھ کے قریب جو خرچہ اس پر ھوتا ھے وہ ۳ لاکھ ۲۰ ہزار کی آمدنی میں سے ھے ۔ کیونکہ اوقاف کے انتظام کیلئے حکومت ۵ فیصد حق انتظام حاصل کرتی ھے ۔ اسطرح دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ ھمیں ۳ لاکھ ۲۰ ہزار روپیہ مل رھا ھے اس میں سے یہ خرچ ھے ۔ وقف کے انتظام کیلئے ھمنے یہ طریقہ نکالا ھے جو ۱۹۵۰ء کے بعد سے ھوا ھے ۔ یہ نیا اسٹپ (Step) نئے چوکھٹے میں ھی لیا گیا ھے ۔ یہ پرانے چوکھٹے کا نہیں ھے ۔ اسطرح ایک سال میں ھمنے ۵ ہزار سے زیادہ انڈومنٹس کو رجسٹر کیا ھے ۔ ان کی رجسٹری کا کام تیزی سے چل رھا ھے ۔ دھرمادائے (धर्मादाय) کے متعلق بھی مجھے یہ کہنا ھے کہ حکومت اس کو کنٹرول میں لینے کی کوشش کررھی ھے ۔ اس ریاست میں انڈومنٹ کے ۱۰ کروڑ کی مالیت کے اوقاف ھیں ۔ انکو اچھے طریقہ پر چلایا جائے تو اس کی توقع کی جاسکتی ھے کہ کئی مدرسوں ھاسپٹلس اور کئی قسم کی نیشن بلڈنگ (Nation-building) ضروریات کیلئے انڈومنٹ سے پیسہ نکل سکتا ھے ۔ جن انسٹی ٹیوشنس کیلئے انڈومنٹس دیئے گئے ھیں ان پر خرچ کرنے کے بعد بھی یہ پیسہ باقی رھتا ھے ۔ ان پر خرچ کیا جاسکتا ھے ۔ یہ انڈومنٹ کے بارے میں مختصر سا جواب ھے ۔

میں سمجھتا ہوں کہ عالیجناب مجھے ساڑھے سات بجے تک تقریر کرنیکی اجازت دینگے - اسلئے کہ آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے بھی وقت لے لیا ہے -

श्री. व्ही. डी. देशपांडे :—हमें कोअी अेतराज नहीं है।

مسٹر اسپیکر - آپ سوا سات تک اپنی تقریر ختم کیجئے -

شری بی - رام کشن راؤ - ساڑھے سات بجے تک اجازت دیجائے تو اچھا ہے - کیونکہ بعض چیزیں دوسرے موقعوں پر اس تفصیل کے ساتھ نہیں آئیں جس تفصیل کے ساتھ مجھے اب کرٹیسزم سننے کے بعد کہنے کا موقع ملتا ہے -

